صداقت ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان

کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA MEMBER A.P.N.S

عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ

رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

Dailyaskar.com.pk Dailyaskarisb@gmail.com

جلد نمبر 24 | بروز پیر 23 نومبر 2026ء / 12 جمادی الثانی 1448 ہجری / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 27

بامعنی بات چیت مختلف نظریات اور ثقافتوں کے درمیان ہی ہوتی ہے اور اگر تمام نظریات ایک جیسے ہوں تو وہ مکالمہ نہیں رہتا، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

موسمیاتی تبدیلی ہماری تہذیب اور تاریخی ورثے کیلئے بڑا خطرہ بن چکی، مصدق ملک

پاکستان دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر ہے روز لاشیں اٹھاتے ہیں، ہم دہشت گردی کے خلاف جو کرنا پڑا کریں گے انڈیا کو کئی بار مذاکرات کی دعوت دے چکے لیکن بات آگے نہیں بڑھی

نئی دہلی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان نے بھارت سمیت شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تمام رکن ممالک کو مکالمے کی دعوت دیتے ہوئے ثقافتی تعاون، تاریخی ورثے کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے 3 نکاتی فارمولا پیش کر دیا، بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں ایس سی او کے تحت تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے وزارتی فورم سے اردو میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے ٹیلیفونک رابطہ

کشیدگی کم کرنے، باہمی دلچسپی کے معاملات پر رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر گفتگو

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) نائب

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

ملک بھر کے عوام نئے چھوٹے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حق میں بول پڑے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) ملک بھر کے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاک چین دوستی؛ خلائی جہاز شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل

جیوچوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی کامیاب مشق

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاک چین

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

نئے صوبوں پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے، انشاء اللہ

نئے صوبوں کا معاملہ اس قدر متنازع شکل اختیار کر چکا ہے کہ اب اس کا بہتر حل عوام سے براہ راست رائے حاصل کرنے میں ہی نظر آتا ہے

نئے صوبوں کے معاملے کو سیاسی طور پر جس حد تک متنازع بنایا جا چکا ہے، اس کا فیصلہ عوام کی رائے کے ذریعے کرنا مناسب ہوگا، وزیر اعظم کے مشیر

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے، یہ معاملہ عوام کے حوالے کیا جائے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کا معاملہ اس قدر متنازع شکل اختیار کر چکا ہے کہ اب اس کا بہتر حل عوام سے براہ راست رائے حاصل کرنے میں ہی نظر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیر اعظم کا ترقیاتی پیکیج خیبر پختونخوا کو 10 ارب روپے جاری

امن و امان کے 62 منصوبوں پر 39 ارب 19 کروڑ روپے خرچ ہونگے، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی

صحت کے شعبے کے 41 منصوبوں کے لیے 3 ارب 20 کروڑ روپے مختص، مخصوص اضلاع میں تعلیم کے 72 منصوبوں پر 12 ارب 90 کروڑ روپے خرچ ہوں گے، دستاویز

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے خیبر پختونخوا کیلئے 160 ارب روپے کے ترقیاتی پیکج کے اعلان کے بعد ابتدائی طور پر 10 ارب روپے صوبائی حکومت کو جاری کر دیئے گئے۔ دستاویزات کے مطابق خیبر پختونخوا کے 12 مخصوص اضلاع کے لئے 96 ارب 97 کروڑ 10 لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ صوبے کے دیگر 25 اضلاع کیلئے 63 ارب

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



صدر آصف علی زرداری سے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی اسلام آباد میں ملاقات

بلاول بھٹو زرداری

پاکستان خطے میں تنازعات کا پرامن حل کا خواہاں ہے

امریکا ایران مذاکرات میں پاکستان کا فعال سفارتی کردار جاری ہے، افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا، چیئرمین پی پی

افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا۔ ان کا کہنا تھا پاکستان عالمی طاقتوں کے درمیان محاذ آرائی کے بجائے تعاون کا حامی ہے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ امریکا ایران مذاکرات میں پاکستان کا فعال سفارتی کردار جاری ہے۔ ترک میڈیا کو انٹرویو میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے واضح کیا کہ پاکستان خطے میں امن اور مذاکرات کے ذریعے تنازعات کا حل چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ایران مذاکرات کی کامیابی عالمی معیشت کے مفاد میں ہے، ایران جنگ کے معاشی اثرات پوری دنیا کو برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔ بلاول بھٹو نے افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی کو پاکستان کیلئے بڑا سکیورٹی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

قطر اور جرمنی کا ایران سے حوثیوں کی حمایت ختم اور جوہری شفافیت بڑھانے کا مطالبہ

دوحہ (جی این ایم) قطر اور جرمنی نے ایران پر زور دیا ہے کہ وہ جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ جامع حفاظتی معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں پر عمل کرے اور اپنے جوہری پروگرام کے پرامن مقاصد کو یقینی بنانے کے لئے ایجنسی کے ساتھ مکمل تعاون دوبارہ شروع

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 گلوبل وارمنگ سے نمٹنے کیلئے نیا معاہدہ پیش

انطالیہ (جی این ایم) ترکیہ کے شہر انطالیہ میں ہونے والی اقوام متحدہ کی ماحولیاتی کانفرنس کوپ 31 میں عالمی حدت پر قابو پانے کے لئے نئے معاہدے کا مسودہ پیش کر دیا گیا ہے جبکہ آسٹریلیا اور ترکیہ کو توقع ہے کہ تقریباً 200 ممالک اس پر اتفاق کر لیں گے۔ رواں سال ہونے والی کوپ کانفرنس پہلی ایسی عالمی ماحولیاتی کانفرنس ہے جس سے قبل اقوام متحدہ

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)



مسقط، وفاقی وزیر علی پرویز ملک اور عمان کے وزیر توانائی سالم العوفی پیٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت کے معاہدے پر دستخط کے موقع پر موجود ہیں

وزیر اعظم 30 نومبر سے روس کا 3 روزہ سرکاری دورہ کریں گے

وزیر اعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف 30 نومبر سے روس کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف 30 نومبر کو روس کے سرکاری دورے پر ماسکو روانہ ہوں گے، ماسکو میں

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

مولانا فضل الرحمان میرے علاقے کے ہیں، ان کی غلط بات غلط ہے، گورنر کے پی

دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں

پشاور (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ احترام کا رشتہ ہے، جے یو آئی سربراہ میرے علاقے کے ہیں، ان کی غلط بات غلط ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو میں شوکت یوسفزئی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

انتظامیہ ایران کے ساتھ مذاکرات کر رہی ہے، امریکی صدر

ایران سے ایسا معاہدہ ہو جو مستقبل کا احمق، برا یا کمزور امریکی صدر بھی ختم نہ کر سکے، ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت جاری ہے تاہم واشنگٹن ایسا طویل المدتی معاہدہ چاہتا ہے جو مستقبل میں آنے والا کوئی امریکی صدر بھی ختم نہ

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 88 پیسے اضافہ کرنے کا فیصلہ، نیپرا میں درخواست دائر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 88 پیسے فی یونٹ اضافے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ سینٹرل پاور پرچیز نگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ (ایف پی اے) کی مد میں بجلی مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں دائر کر دی ہے۔ نیپرا نے سی پی پی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

پشاور، سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائی، 3 دہشتگرد ہلاک

پشاور (جی این ایم) پشاور کے علاقے متنی میں سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی، فائرنگ کے تبادلے میں تین دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق سی ٹی ڈی سوات اور سیکیورٹی فورسز نے پشاور کے علاقے متنی میں پاسانی روڈ ادیزی خوڑ کے مقام پر کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی موجودگی پر گھات

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)



لاہور، وزیر داخلہ محسن نقوی نادر سمارٹ سنٹر پیکو روڈ کے دورے کے موقع پر بزرگ خاتون کی شکایت سن رہے ہیں

پوری قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، گیلانی

چیئرمین سینیٹ کا مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں دو کامیاب کارروائیوں کے دوران 15 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہادری اور وطن عزیز کے امن و استحکام کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

طاہر اشرفی کا مدارس کی رجسٹریشن کے لیے صدارتی آرڈیننس کا خیر مقدم

چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے صدر، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کا خصوصی دلچسپی پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین اور قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے خیبر پختونخوا میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے صدارتی آرڈیننس کے اجرا کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملک بھر کے مدارس کو درپیش دیرینہ انتظامی اور مالی مشکلات کے حل کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ اسلام آباد اور پنجاب

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)

افغانستان میں طالبان مخالف مسلح مزاحمتی کارروائیاں تیز

یکم اگست سے تا 13 نومبر تک 22 صوبوں میں 126 حملوں میں 135 طالبان اہلکار ہلاک ہوئے، رپورٹ

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان مخالف مزاحمتی گروپس کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے، جہاں مختلف صوبوں میں مسلح کارروائیاں تیز ہوگئی ہیں۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ قابض طالبان رجیم کیخلاف ایک نئی موثر اور منظم مسلح مزاحمتی قوت کے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)



لاہور، وزیر داخلہ محسن نقوی نادر سمارٹ سنٹر پیکو روڈ کے دورے کے موقع پر بزرگ خاتون کی شکایت سن رہے ہیں

ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ ن لیگ اور پیپلز پارٹی کا مشترکہ فیصلہ تھا، طارق فضل

صوبے میں دہشت گردی کے خلاف موثر اقدامات اور ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے گورنر کو مکمل سیاسی حمایت فراہم کی جانی چاہیے

گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے خیبر پختونخوا میں امن و ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی گورنر خیبر پختونخوا کے آئینی کردار اور وفاقی حکومت کے ساتھ رابطوں کو متنازع نہ بنائے، کیونکہ صوبے میں دہشت گردی کے خاتمے اور ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے گورنر کا مضبوط اور بااختیار ہونا ضروری ہے۔ اتوار کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کے گورنر کو بااختیار بنا رہی ہے اور حالیہ آرڈیننس اس حکومتی عزم کا واضح ثبوت ہیں۔ صوبے میں دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات اور ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے گورنر کو مکمل سیاسی حمایت فراہم کی جانی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گورنر فیصل کریم کنڈی کا وفاقی حکومت کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ رکھنا آئینی اور انتظامی ضرورت ہے، اسے سیاسی تنازع

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

صدر مملکت آصف زرداری سے اسحاق ڈار اور ایاز صادق کی ملاقات

راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے، ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری سے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ہفتہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کے ایک مخصوص گروپ کے طرز عمل کی مذمت کرتے ہیں: رضا ربانی

کہا جا رہا ہے ریفرنڈم کے نتائج حق میں آئے تو انہیں عدالت میں توثیق کیلئے پیش کیا جائے گا، سابق چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (اے این این) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کے ایک مخصوص گروپ کے طرز عمل کی مذمت کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی رہنما رضا ربانی کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم آرٹیکل 239/4 میں صوبائی حدود میں تبدیلی کے وضع کردہ طریقہ کار کا متبادل نہیں، ریفرنڈم کے معاملے پر وزراء کیا یک مخصوص گروپ کیطرز عمل کی مذمت کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کہا جا رہا ہے ریفرنڈم کے نتائج حق میں آئیتو انہیں

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)



استنبول، وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ ترکیہ کی وزیر مابینور اوزدیمیر گوکتاش سے منعقدہ سٹ کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

سعودی دفاعی نظام نے حوثیوں کا مکہ کی جانب بھیجا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کر دیا

مکہ مکرمہ ریجن میں فضائی خطرے کے پیش نظر شہریوں کیلئے ہنگامی انتباہ جاری

ریاض، انقرہ (جی این ایم) سعودی اتحادی افواج نے یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ اتحادی افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ترکی المالکی کے مطابق سعودی فضائی دفاعی

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

سرکاری قرضوں میں ایک سال کے دوران 6 ہزار 200 ارب روپے کا بھاری اضافہ

حکومت کے قرضوں کی مالیت جون 2026 کے اختتام تک 90.98 ٹریلین روپے تک پہنچ گئی

سرکاری قرضوں کے حجم، جی ڈی پی کے تناسب اور قرضوں کی پائیداری سے متعلق تفصیلی اعداد و شمار جاری

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضوں میں ایک سال کے دوران 6 ہزار 200 ارب روپے کا بھاری اضافہ ریکارڈ ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد جون 2026 کے اختتام پر ملکی قرضوں کا مجموعی حجم 90.98 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا، وزارت خزانہ کے اعداد و شمار اور مالی سال 2027 سے 2029 کے لیے مرتب کردہ قرضوں کی پائیداری کے تجزیے

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

خیبر پختونخوا کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب روپے جاری ہونا خوش آئند، ثمر ہلور

ترقیاتی فنڈز کی پہلی قسط سے صوبے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام آگے بڑھانے میں مدد ملے گی

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات و تعلقات عامہ ثمر ہارون ہلور نے کہا ہے کہ صوبے کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب روپے جاری ہونا خوش آئند ہے۔ اپنے جاری بیان میں ثمر ہارون ہلور کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے لیے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

12 مئی دوبارہ نہیں ہونے دیں گے، مذاکرات ہی مسائل کا حل ہیں، میئر کراچی

ہم چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہے تو کرے

کراچی (اے این این) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ سانحہ 12 مئی نہیں ہونے دیں گے، بات چیت ہی مسائل کا حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی ڈائیلاگ ہمیشہ ہوتے رہنا چاہیے، ہم چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہے تو کرے، افہام و تفہیم کے ساتھ معاملہ آگے بڑھے۔ علی خورشیدی میرے بھائی ہیں، پڑھے لکھے آدمی ہیں، بس وہ غلط جگہ پھنس گئے ہیں، کمٹمنٹ یہ ہے کہ کام ہونا چاہیے، علی بھائی کی گلی بن گئی یہ اچھی بات ہے۔ مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ سندھ کی یکجہتی کا دن صرف دسمبر میں نہیں منایا جاتا، ہم دوبارہ 12 مئی نہیں چاہتے، معاشی حالات کی بہتری کے لیے کام کرنے کی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنگ میں زخمی 70 فیصد اسرائیلی فوجی دوبارہ ڈیوٹی پر واپس آ گئے، آئی ڈی ایف

زخمی اہلکاروں میں جسمانی اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں: اسرائیلی فوج

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ گزشتہ 3 سال کے دوران جنگ میں زخمی ہونے والے اس کے تقریباً 70 فیصد اہلکار صحت یابی کے بعد دوبارہ فوجی خدمات انجام دینے لگے ہیں، جبکہ وزارت دفاع کے بحالی کے شعبے میں اس وقت تقریباً 31 ہزار زخمی افراد رجسٹرڈ ہیں۔ اسرائیلی فوج نے اتوار کو جاری کردہ اعداد و شمار میں بتایا کہ زخمی اہلکاروں میں جسمانی اور ذہنی صدمے کا شکار ہونے والے فوجی بھی شامل ہیں۔ یہ اعداد و شمار اسرائیل کی جنگوں اور دشمنانہ کارروائیوں میں زخمی ہونے والے افراد کو خراج تحسین پیش کرنے کے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)



استنبول، وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ ترکیہ کے وزیر انصاف آقین گورلیک سے ملاقات کر رہے ہیں

زیارت، ہرنائی اور سنجاوی میں امن و امان کی صورتحال پر نور محمد دمڑ سے ڈی آئی جی کی ملاقات

عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، پولیس اور انتظامیہ میں مؤثر رابطہ ضروری ہے، نور محمد دمڑ

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ سے دومڑ ہاؤس کلی اڑس سنجاوی میں ڈی آئی جی لورالائی ریجن جنید احمد شیخ نے خصوصی ملاقات کی ملاقات میں ضلع زیارت، ضلع ہرنائی اور تحصیل سنجاوی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور پولیس و ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے کہا کہ زیارت، ہرنائی اور سنجاوی میں امن و امان کا قیام، عوام کا تحفظ اور خوشحالی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، جن کے لیے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون ناگزیر ہے ملاقات میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی، ایس پی زیارت عبدالمالک درانی، اسسٹنٹ کمشنر زیارت شیر شاہد غلزئی، فوکل پرسن ہرنائی حاجی باز محمد دومڑ اور دیگر قبائلی و سیاسی شخصیات بھی موجود تھیں۔ تفصلات صوبائی

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

خواتین کے حقوق کا تحفظ معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے، عظمیٰ نذیر تارڑ

خواتین کو تعلیم، روزگار، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی کے عمل میں موثر نمائندگی کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے

پاکستان خواتین کو مساوی حقوق، باوقار مقام اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، وفاقی وزیر

استنبول (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق اعظمیٰ نذیر تارڑ کی قیادت میں پاکستانی وفد نے ترکیہ کے شہر استنبول میں منعقدہ ساتویں عالمی ویمن سمٹ میں شرکت کی، جہاں خواتین اور بچیوں کے حقوق کے تحفظ، انہیں بااختیار بنانے، مساوی مواقع کی فراہمی اور پاک ترکیہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ ساتویں عالمی ویمن سمٹ کا انعقاد ترکیہ کی

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ تھیلیسیمیا سینٹر کے دورے کے موقع پر تھیلیسیمیا کے مریض بچوں میں تحائف تقسیم کر رہے ہیں

مریم نواز کا تقریبات میں شرکت کرنیوالے سکھ یاتریوں کا خیر مقدم

پاکستان بالخصوص پنجاب امن، محبت، مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کی سرزمین ہے

لاہور (اے این این) وزیر اعلیٰ پنجاب نے بابا گرو نانک کے 557 ویں جنم دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے آنے والے سکھ یاتریوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بابا گرو نانک کے جنم دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان ہائی کورٹ، کوئٹہ میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کیخلاف کارروائی اور جامع سروے کا حکم

کوئٹہ میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے، خستہ حال پائپ لائنوں کی مرمت اور مستقبل کی منصوبہ بندی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی، سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جامع اقدامات کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کوئٹہ میں پانی کی فراہمی سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے دوران یہ احکامات جاری کیے۔ سماعت کے دوران بی واسا کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے بعض علاقوں میں نجی ٹیوب ویلوں سے پانی کی فراہمی کے لیے استعمال ہونے والی بی واسا کی تقریباً 80 فیصد

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

متحدہ عرب امارات اور سنگاپور دنیا کے محفوظ ترین ملک قرار، گیلپ رپورٹ

پاکستان میں صرف 53 فیصد افراد خود کو محفوظ سمجھتے ہیں، بھارت میں شرح 71 فیصد ہے، رپورٹ

سنگاپور (جی این ایم) ذاتی تحفظ کے اعتبار سے متحدہ عرب امارات نے دنیا بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی، گیلپ کی گلوبل سیفٹی رپورٹ 2026 کے مطابق متحدہ عرب امارات اور سنگاپور 96 فیصد شرح کے ساتھ پہلے نمبر پر ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات میں 96 فیصد شہریوں اور رہائشیوں نے کہا کہ وہ رات کے وقت اپنے علاقے میں تنہا پیدل چلنے کو محفوظ سمجھتے ہیں، اماراتی شہریوں میں یہ شرح 98 فیصد جبکہ غیر ملکی رہائشیوں میں 96 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ مردوں اور خواتین دونوں میں بھی تحفظ کا احساس 96 فیصد رہا۔ گیلپ کے مطابق

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسکردو میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری تک گر گیا، کوئٹہ میں پارہ 3 ڈگری ریکارڈ

ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ، سکردو (اے این این) اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر نے معمولات زندگی متاثر کرنا شروع کر دیے، شہری علاقوں میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے سے درختوں اور پتوں پر برف کی سفید تہہ جم گئی، جبکہ کوئٹہ میں بھی سردی کی شدت بڑھنے لگی ہے۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے، بالائی علاقوں میں یخ بستہ ہواؤں کے باعث صبح اور شام کے اوقات میں سردی کی شدت زیادہ محسوس کی جا رہی ہے۔ اسکردو اور ملحقہ علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے 6 ڈگری نیچے جانے کے باعث درختوں اور پتوں پر جمنے والی برف نے موسم کی شدت کو نمایاں کر دیا ہے۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بھی سردی کی لہر برقرار ہے۔ کوئٹہ میں درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ قلات میں صفر ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 6، ژوب میں 10، سبی میں 13 اور تربت میں 16 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں سرد اور خشک موسم کے باعث شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی جا رہی ہے، جبکہ سردی سے متاثرہ افراد کو

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2 پر)

01

نے خطے کے تاریخی وتہذیبی روابط سے مشترکہ فائدہ اٹھانے پر زور دیا۔تفصیلات کے مطابق نئی دہلی میں منعقدہ وزارتی فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے اردو زبان میں اظہارِ خیال کیا، اپنے خطاب کے دوران انہوں نے مرزا غالب اور علامہ اقبال کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ بامعنی بات چیت مختلف نظریات اور ثقافتوں کے درمیان ہی ہوتی ہے اور اگر تمام نظریات ایک جیسے ہوں تو وہ مکالمہ نہیں رہتا، پاکستان گندھارا اور بدھ مت سمیت مختلف قدیم تہذیبوں کا امین ہے اور اس کے تاریخی وتہذیبی روابط فارس اور عرب سے لے کر وسطی ایشیا کے تاریخی شہروں بخارا اور سمرقند تک پھیلے ہوئے ہیں، اس لیے وہ تمام رکن ممالک کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ان قدیم اور مشترکہ روابط سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔اجلاس سے خطاب میں ڈاکٹر مصدق ملک نے تین نکاتی فارمولا پیش کرتے ہوئے تجویز دی کہ ایس سی او ممالک کے درمیان ثقافتی تعاون کو فروغ دیا جائے، تاریخی ورثے کو محفوظ بنایا جائے اور تہذیبی آثار کو موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے بچانے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں، ان مقاصد کے حصول کے لیے وفاقی وزیر نے ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق ایس سی او نیٹ ورک اور ایک ڈیجیٹل لائبریری قائم کرنے کی تجاویز بھی پیش کیں تاکہ رکن ممالک تاریخی و ثقافتی معلومات اور تحفظ کے طریقوں کا تبادلہ کرسکیں۔بتایا گیا ہے کہ فورم کے موقع پر وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک اور بھارتی وزیر گجندر سنگھ شیخاوت کے درمیان نئی دہلی کے پرانے قلعے میں ایک غیر رسمی ملاقات بھی ہوئی، جس میں دونوں وزرا کافی دیر تک باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کرتے رہے، اس کے علاوہ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی نے آذربائیجان کے وزیر ثقافت ڈاکٹر عادل کریمی، کرغزستان کے وزیر مملکت برائے اطلاعات، تاجکستان کی وزیر ثقافت مطلوبہ خان اور نیپال کے وزیر ثقافت کھڑک راج پاوڈیل سے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں، جبکہ ڈاکٹر مہدی ایمانی کی قیادت میں ایرانی وفد نے بھی ان سے ملاقات کر کے باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔

02

عوام کی جانب سے نئے چھوٹے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔کوئٹہ، لیہ، بہاولنگر اور کراچی کے شہریوں نے پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے نئے صوبوں کی حمایت کردی ہے۔رپورٹ کے مطابق اس حوالے سے بات کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا کہ بلوچستان جیسے بڑے رقبے کے صوبے کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنا بہت ضروری ہے۔شہریوں نے کہا کہ آبادی بڑھنے کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، اس سے لوگوں کو بنیادی سطح پر سہولیات ملیں گی۔صوبہ بہاولپور بننے سے جنوبی پنجاب کے شہروں کے مسائل حل ہوسکیں گے۔شہریوں کے مطابق نئے صوبے بننے سے سندھ کے نظر انداز علاقے بھی ترقی سے مستفید ہوں گے۔

03

دوستی کا ایک اور تاریخ ساز سنگِ میل سامنے آ گیا، شین زو-24 کی لانچنگ کی مشق کامیابی سے مکمل ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق شمال مغربی چین میں واقع جیوچوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر پر شین زو-24 خلائی جہاز کی کامیاب لانچنگ ڈرل کی گئی، پرواز سے قبل عملے کی اس مشترکہ مشق میں تینوں خلابازوں نے آپریشنز بالکل درست طریقے سے انجام دیے۔چائنا آسٹرونٹ ریسرچ اینڈ ٹریننگ سینٹر کی عہدیدار زولو نے بتایا کہ اس مشترکہ مشق میں تینوں خلاباز پُرعزم تھے اور انہوں نے تمام آپریشنز بالکل درست طریقے سے انجام دیے، تمام تر تربیت مکمل کرنے کے بعد ایک پاکستانی خلاباز چین کے شین زو-24 خلائی جہاز کے ذریعے خلا میں جائے گا۔پاک چین لازوال دوستی اب زمین کی حدوں سے نکل کر خلا کی وسعتوں کو چھو رہی ہے۔

04

وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے کثیر الجہتی فورمز پر تعاون اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر گفتگو کی۔ٹیلی فونک گفتگو کے دوران علاقائی پیش رفت پر مشاورت جاری رکھنے کے لیے مستقبل قریب میں آر فور (R4) ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس بلانے کے امکان پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

05

20 کروڑ 60 لاکھ روپے رکھنے کی تجویز ہے۔ 12 مخصوص اضلاع میں مجموعی طور پر 430 ترقیاتی منصوبوں پر کام کیا جائے گا جن میں 7 خصوصی منصوبوں پر 19 ارب 27 کروڑ روپے خرچ ہوں گے جبکہ 423 منصوبوں کے لئے 77 ارب 70 کروڑ 10 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے، ان اضلاع میں 100 روزہ اور 180 روزہ ترقیاتی منصوبے بھی شروع کئے جائیں گے۔ترقیاتی پیکیج کے تحت امن و امان کے 62 منصوبوں پر 39 ارب 19 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔دستاویزات کے مطابق صحت کے شعبے کے 41 منصوبوں کے لئے 3 ارب 20 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ مخصوص اضلاع میں تعلیم کے 72 منصوبوں پر 12 ارب 90 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔باجوڑ، کرم اور ڈیرہ اسماعیل خان میں 3 دانش اسکول قائم کیے جائیں گے۔اس کے علاوہ 70 اسکولوں کی مرمت اور اپ گریڈیشن جبکہ 409 اسکولوں کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے گا۔مخصوص اضلاع میں سڑکوں کی بہتری کے 32 منصوبوں کیلئے 12 ارب 70 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، ترقیاتی پیکج میں ٹل پاراچنار روڈ اور گومل زام ڈیم کے منصوبے بھی شامل ہیں۔اسی طرح 88 مقامات پر پانی کی فراہمی کی اسکیموں کو سولرائز کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو پانی کی فراہمی میں سہولت فراہم کی جا سکے۔زرعی شعبے میں بھی خصوصی اقدامات تجویز کیے گئے ہیں جن کے تحت 100 طلبہ کو چین میں زرعی تعلیم کے لیے اسکالرشپس دی جائیں گی۔دستاویزات کے مطابق خیبر پختونخوا کے 25 اضلاع میں مجموعی طور پر 219 ترقیاتی منصوبوں پر بھی کام کیا جائے گا۔

06

ملک میں موجودہ بحرانی صورتحال کے تناظر میں عوام سے اس معاملے پر رائے لینے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیے، ریفرنڈم کے ذریعے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق عوامی مؤقف سامنے لایا جا سکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے معاملے کو سیاسی طور پر جس حد تک متنازع بنایا جاچکا ہے، اس کا فیصلہ عوام کی رائے کے ذریعے کرنا مناسب ہوگا۔وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ریفرنڈم کے معاملے پر خون کی ندیاں بہانے کی بات کررہے ہیں، جبکہ دوسری جانب بعض حلقوں کی جانب سے یہ دعویٰ بھی کیا جارہا ہے کہ ملک کی 83 فیصد آبادی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کرتی ہے۔

07

چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کہ افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا۔ان کا کہنا تھا پاکستان عالمی طاقتوں کے درمیان محاذ آرائی کے بجائے تعاون کا حامی ہے، پاکستان امریکا اور چین کے درمیان پل کا کردار ادا کرتا رہیگا۔بلاول بھٹو نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون علاقائی استحکام کے لیے اہم ہے۔

08

انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ دہشت گردوں کیخلاف کانوں کا خاتمہ، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی اور علاقے کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنا قابلِ تحسین کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیاں امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہیں۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی اتحاد، یکجہتی اور مستقل عزم ناگزیر ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔

09

میں اسی نوعیت کے اقدامات کے بعد خیبر پختونخوا میں بھی صدارتی آرڈیننس کا اجرا مدارس کی رجسٹریشن اور بینک اکاؤنٹس سے متعلق ان مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت ہے جو گزشتہ تقریباً 26 سال سے موجود تھے۔انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دینی مدارس کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے قیادت اور خصوصی دلچسپی پر شکریہ ادا کیا۔حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس عمل کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ذاتی دلچسپی لی جبکہ وزیراعظم اور صدر مملکت نے بھی اس حوالے سے اہم کردار ادا کیا۔

10

اے کی درخواست پر ساعت 26 نومبر کو مقرر کردی ہے، ساعت کے دوران اضافے کی منظوری دیئے جانے کی صورت میں آئندہ ماہ بجلی کے بلوں میں اضافی قیمت وصول کی جائے گی۔ درخواست کے مطابق اکتوبر کے دوران استعمال ہونے والے بجلی کے یونٹس پر اضافی قیمت لاگو ہوگی، جس کے نتیجے میں صارفین کو اکتوبر کے استعمال شدہ یونٹس پر اربوں روپے اضافی ادا کرنا ہوں گے۔

11

روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے اہم ملاقات متوقع ہے۔وزیراعظم شہباز شریف روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی دعوت پر ماسکو کا دورہ کریں گے، دورے کے دوران دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوگا، وزیراعظم روسی صدر پیوٹن کو آئندہ سال پاکستان کے دورے کی دعوت دیں گے۔پاکستان اور روس کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعاون بڑھانے پر بات ہوگی، توانائی، تیل وگیس، صنعتی ترقی اور پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی کے امور زیرغور آئیں گے۔دونوں ممالک کے درمیان بینکاری اور تجارتی ادائیگیوں کے مسائل حل کرنے پر بھی بات چیت متوقع ہے۔وزیراعظم روسی دورے کے بعد ایران جائیں گے، وزیراعظم 3 دسمبر سے شروع ہونے والے 18ویں ای سی او سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

12

کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ میرا سوفٹ ویئر ٹھیک ہے، پی ٹی آئی ترجمان کا سوفٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا ہے، اس لیے ٹی وی پر نظر آتے ہیں، مجھے میری پارٹی نے گالم گلوچ کی تربیت نہیں دی، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارے پاس غلطی کی گنجائش نہیں۔گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ مولانا کے شہداء اور ریاست کے حوالے سے ایشوز پر اعتراض تھا، پی ٹی آئی والے پہلے مولانا کے بارے میں کیا کہتے تھے، معافی تو مانگ لیں، گورنر راج لگانے میں سب سے بڑا ہاتھ تحریک انصاف کا ہے۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبہ ہمارے ہاتھ سے نکل رہا تھا، جب چیزیں ٹھیک ہوں گی تو گورنر راج بھی ختم ہوجائے گا۔

13

کرے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق دونوں ممالک نے تجارتی جہازوں کے خلاف حملوں اور دھمکیوں کی مذمت بھی کی اور ایسے کسی بھی اقدام کی مخالفت کا اظہار کیا جو آبنائے ہرمز کی بندش یا جہاز رانی کی آزادی میں رکاوٹ کا باعث بنے۔قطر اور جرمنی نے اس بات پر زور دیا کہ ایران کو جوہری ہتھیار نہ تو تیار کرنے چاہئیں اور نہ ہی حاصل کرنے چاہئیں، دونوں ممالک نے خطے میں بیلسٹک میزائلوں کے استعمال سے پیدا ہونے والے خطرات کے خاتمے کا مطالبہ کیا۔دونوں ممالک نے ایران سے یمن میں حوثیوں کو اسلحہ اور دیگر حمایت فراہم کرنا بھی بند کرنے کا مطالبہ کیا۔

14

اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ہفتہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان بھی ملاقات میں موجود تھے۔

15

عدالت میں توثیق کیلئے پیش کیا جائیگا، ایسا کرنا پارلیمان کی خودمختاری مجروح کرنے اور صوبائی اسمبلی کے آئینی اختیارات پر قدغن کے مترادف ہوگا۔رضا ربانی کے مطابق کوئی عدالت آئین میں ایسی تشریح شامل نہیں کرسکتی جو اس میں موجود نہ ہو، کوئی عدالت نہ ہی آئین کو ازسرِنو تحریر کرسکتی ہے، کوئی عدالت ایسا کرتی ہتو وہ آئینی طریقہ کار اورصوبائی اسمبلی کیآئینی حق کو مجروح کرنا ہوگا۔رضا ربانی کا مزید کہنا تھا کہ ایسا اقدام آئینِ پاکستان کے بنیادی اصول کو تبدیل کرنے کے مترادف ہوگا، کیا ہمارا موجودہ نظام اس نوعیت کے انحراف کا متحمل ہوسکتا ہے؟

16

سیاسی اور عسکری قیادت کے ساتھ ملاقات کی۔ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی سلامتی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات عطاء تارڑ، وزیر توانائی سردار اویس لغاری، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خارجہ امور عائشہ رفیق، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری، وزیر مملکت برائے داخلہ بیرسٹر عقیل ملک، وزیر مملکت برائے داخلہ تابش گوہر، وزیر مملکت برائے داخلہ ریاض حسین پیرزادہ، وزیر مملکت برائے داخلہ سید نوید قمر، وزیر مملکت برائے داخلہ شوکت یوسفزئی، وزیر مملکت برائے داخلہ زوہیب حسن بھابھا، وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا، وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر نفیسہ شاہ، وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر مصدق ملک، وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر عائشہ رضا، وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر، وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر آصف کرمانی

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

بلوچستان میں خوف و دہشت کا خاتمہ چاہتے ہیں، جماعت اسلامی

بلوچستان کے عوام اور نوجوانوں کو خوف، بدامنی اور دہشت گردی سے نجات دلانے کے ساتھ ان کے حقوق، امن اور عزت واحترام کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے

بلوچستان میں مثالی امن، بھائی چارے اور خوشحالی کی فضا بحال ہونی چاہیے، جبکہ دہشت، خوف، بدامنی، ظلم اور جبر کا خاتمہ ناگزیر ہے

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام اور نوجوانوں کو خوف، بدامنی اور دہشت گردی سے نجات دلانے کے ساتھ ان کے حقوق، امن اور عزت واحترام کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔

بلوچستان میں مثالی امن، بھائی چارے اور (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5پر)



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ تھیلیسیمیا سینٹر کے دورے کے موقع پر تھیلیسیمیا کے مریض بچے کی عیادت کررہے ہیں

انجمن تاجران ژوب نے مین بازار میں جلسے جلوسوں کے انعقاد پر فوری پابندی لگانے کا مطالبہ کردیا

احتجاج کے نام پر تاجروں کا معاشی قتل قبول نہیں، تمام سیاسی جماعتیں جلسے ظریف شہید پارک میں منعقد کریں، باران خان

ژوب (یو این اے) انجمن تاجران کے ضلعی صدر باران خان کلیوال نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ضلع ژوب کے مین بازار میں جلسے جلوسوں کے انعقاد کا سلسلہ آخر کب تک جاری رہے گا؟ ایک طرف تاجر برادری سیاسی وعوامی احتجاج کی حمایت میں شٹر ڈان ہڑتال کرکے اپنا کاروبار بند رکھتی ہے، تو دوسری جانب اسی بازار میں جلسے منعقد کرکے تاجروں کو مزید مشکلات، پریشانیوں اور معاشی نقصانات سے دوچار کیا جاتا ہے۔ آخر ان بے بس تاجروں کا قصور کیا ہے؟ کیا ان کی دکانیں، روزگار اور معاشی حقوق کوئی اہمیت نہیں رکھتے؟ اگر ایک طرف تاجروں سے تعاون اور قربانی کی توقع رکھی جاتی ہے تو دوسری طرف ان کے کاروبار کو

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5پر)

کلی باشے غزہ بند کے مکینوں کا غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی مبینہ ہراسانی کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کلی باشے غزہ بند کے قبائلی، سیاسی وسماجی رہنماں شیر سلانی اور دیگر نے کہا کہ علاقے میں مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں نے مقامی عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مقامی لوگوں کی بے عزتی کی جاتی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5پر)

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب میں سالانہ بزم ادب کی مناسبت سے خصوصی سیمینار کا انعقاد

کامیاب اور تعمیری پروگرام کا انعقاد بوائز ڈگری کالج کے بہترین تعلیمی سفر کا نتیجہ ہے، شرکا کا پرنسپل اور ٹیم کو خراج تحسین

ژوب (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں سالانہ بزم ادب کی مناسبت سے خصوصی سیمینار زیر صدارت پرنسپل پروفیسر عبدالرحمٰن امین منعقد ہوئی، جس میں بی آر سی کے پروفیسر خورشید شاہ، اسسٹنٹ کمشنر شیرانی حبیب الرحمٰن ڈی ای او شیخ موسیٰ خان قطب خان آفاقی، سماجی رہنما علی خان شیرانی، اے ڈی سی عبدالستار حضرت ولی ناصر بی پی ایل اے کے صدر پروفیسر نوراللہ کاکڑ بی آر سی اور ڈگری کالج کے طلبا اساتذہ نے شرکت کی، پروگرام کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن مجید سے ہوا، جس کی سعادت سال اول کے طالب ائز خان نے حاصل کی نظامت کے فرائض پروفیسر عبدالغفار شیرانی نے سرانجام

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5پر)

سرکاری ہسپتالوں میں عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت

کوہلو (اے این این) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی، طبی عملے کی حاضری اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر خالد مری، ایم ایس ڈی ایچ کیو

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5پر)

بلوچستان پولیس کے فرض شناس آفیسر ظفر اللہ بلوچ سب انسپیکٹر کے عہدے پر ترقی پاگئے

ظفر اللہ بلوچ کی ترقی ان کی انتھک محنت اور عمدہ کارکردگی کا ثمر ہے، بیلا کے عوامی حلقوں کی دلی مبارکباد

بیلا (یو این اے) ظفر اللہ بلوچ کی سب انسپیکٹر کے منصب پر ترقی خوش بند ہے ظفر اللہ بلوچ کا شمار بلوچستان پولیس کے ہونہار اور فرض شناس افسرز میں ہوتا ہے موصوف ذہین اور قابل پولیس فیسر ہیں اے ایس ی سے سب انسپیکٹر کے عہدے پر ترقی موصوف کی انتھک محنت اور عمدہ محکمانہ کارکردگی کا ثمر ہے بیلا کے عوامی حلقوں نے ڈی ی جی لسبیلا ڈویژن کے احکامات اور ترقی کے جاری نوٹیفکیشن کو خوش بند اور حوصلہ افزا قرار دیتے ہوے سب انسپیکٹر ظفر اللہ بلوچ کو دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے وہ اپنی خداداد صلاحیتوں کی بدولت اپنے محکمانہ فراض

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5پر)

پشتونوں کی ہر شعبہ زندگی میں نظر انداز ی ناقابل برداشت ہے، پشتونخوا میپ

برابری کو تسلیم کرنے سے انکار اور ہر شعبہ زندگی میں مکمل طور پر نظر انداز کیا جارہا ہے اور یہ صورتحال پشتونوں کے لیے انتہائی ناقابل برداشت ہوچکی ہے

ملک میں متصل پشتون علاقوں پر متحدہ پشتون قومی صوبے کے قیام کے لیے جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خان شہید کی لازوال جدوجہد وقربانیاں پارٹی کارکنوں کے لیے مشعل راہ ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے تحصیل صدر کے کمیٹی کا اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں برصغیر پاک وہند اور پشتونخوا وطن کی آزادی کے قافلے کے عظیم سالار خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53ویں برسی کے موقع پر 2 دسمبر میں کوئٹہ میں جلسہ عام کی تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شرافت آغا، صوبائی سیکرٹری پارلیمانی امور ایڈووکیٹ حضرت عمر اچکزئی، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی، صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمٰن بازئی، ضلعی معاونین ملک اعظم بازئی، اکرم خان خلجی، ادریس خان اچکزئی، اکبر خروٹی، رفیع اللہ، ضلع کمیٹی کے اراکین سردار بہادر خان موسیٰ خیل، عظیم دوتانی، حاجی امیر، تحصیل معاونین، تحصیل کمیٹی کے اراکین، علاقائی سیکرٹریز اور سینئر معاونین نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی نے سرانجام دی ۔ کانفرنس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53ویں برسی ایسے حالات میں منائی جارہی ہے کہ ملک میں ایک جانب آئین، جمہوریت پائمال ہے اور دوسری جانب ملک اور اس صوبے میں بحیثیت پشتون قوم کی سیالی، برابری کو تسلیم کرنے سے انکار اور ہر شعبہ زندگی میں مکمل طور پر نظر انداز کیا جارہا ہے اور یہ صورتحال پشتونوں کے لیے انتہائی ناقابل برداشت ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے محبوب چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور ملک جمہوری صف کے عظیم رہنماء محمود خان اچکزئی کی قیادت میں آج بھی ملک میں آئین کی بحالی وبالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، قوموں کی برابری پر مبنی حقیقی جمہوری فیڈریشن کے قیام، ملک کے تمام اداروں کی آئینی حدود میں رہتے ہوئے اپنے فرائض کا پابند بنانے، ملک میں متصل پشتون علاقوں پر متحدہ پشتون قومی صوبے کے قیام کے لیے جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خان شہید کی برسی کے جلسہ عام کی بھرپور تیاری کرتے ہوئے شب وروز اس کے لیے محنت کریں

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5پر)



کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ ریڈزون میں زرغون روڈ پر لینڈ سکیپنگ کے کام کی نگرانی کررہے ہیں

پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ، لاہور آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر برقرار

ملک کے بیشتر حصوں میں شدید سردی کی لہر، قلات میں پارہ صفر تک گر گیا

اسلام آباد، لاہور (جی این ایم) پنجاب میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہونے لگا، لاہور کی فضا انتہائی مضر صحت ہوگئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں مسلسل پہلے نمبر پر برقرار ہے، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر گیا۔ لاہور کے علاقے گلبرگ ٹو میں فضائی آلودگی کا انڈیکس انتہائی تشویشناک سطح 920 تک جا پہنچا، علامہ اقبال ٹان میں اے کیو آئی 700 جبکہ عسکری

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5پر)

بروقت ویکسینیشن بچوں کی صحت مند نشوونما کے لیے ناگزیر ہے، ڈاکٹر موسیٰ خان

حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات ملک بھر میں مزید وسیع کی جائیں گی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات (ایف ڈی آئی) نے ملک کے تمام بچوں کو 13 قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بروقت ویکسینیشن کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ عالمی یوم اطفال 2026 کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات ڈاکٹر موسیٰ خان نے کہا کہ بچوں کی صحت مند نشوونما، محفوظ مستقبل اور بیماریوں سے تحفظ کے لیے بروقت حفاظتی ٹیکہ جات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات) ای پی آئی (کے تحت ملک بھر میں بچوں کو 13 قابلِ انسداد بیماریوں سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے تاکہ ہر بچے کو صحت مند زندگی گزارنے کے مساوی مواقع میسر آسکیں۔ ڈاکٹر موسیٰ خان نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات کو مزید مؤثر اور وسیع بنانا ضروری ہے تاکہ ملک کے کسی بھی علاقے میں رہنے والا کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام بچوں تک زندگی بچانے والی ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ اس موقع پر وفاقی نظامت برائے حفاظتی ٹیکہ جات نے پاکستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کو مؤثر بنانے میں بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون کو بھی سراہا، جن میں گاوی، دی ویکسین الائنس، عالمی ادارہ صحت

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5پر)

استامحمد میں 12 ترقیاتی اسکیموں کا آغاز

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی دلچسپی اور ہدایات کی روشنی میں ضلع استامحمد کے مختلف گوٹھوں اور شہری علاقوں میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے ٹف ٹائلز کی تنصیب گلیوں کی تعمیر ومرمت اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے پر مشتمل 12 ترقیاتی اسکیموں کا آغاز کردیا گیا ہے جن پر مجموعی طور پر 13 کروڑ 60 لاکھ روپے لاگت آئے گی اس

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5پر)

کلی راغہ باکلزئی کے عوام کا سڑک، بی ایچ یو، ڈیم اور بجلی کی بحالی کا مطالبہ

حکام بالا کلی راغہ باکلزئی اور کنچوغی کے دیرینہ مسائل فوری حل کریں، عبدالقیوم کاکڑ

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) نوجوان ایکشن کمیٹی راغہ باکلزئی اور بلوچستان یونیورسل ہیومن رائٹس کے صوبائی چیئرمین عبدالقیوم کاکڑ نے مشترکہ بیان میں وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کلی راغہ باکلزئی اور یونین کونسل مسلم باغ کے مشترکہ مسائل سے عوام سخت تنگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دو ہزار بائیس کے سیلاب نے علاقے میں تباہی مچائی، اوسی نالہ پانی لے گیا اور سڑک کو سخت تباہ کردیا جس سے زمینداروں کے اربوں روپے کے باغات کے نقصانات ہوئے۔ اب عوام کا مطالبہ ہے کہ کلی کے روڈ، باغات کے نالی اور باغات کے لیے حفاظتی ڈانگے جالونے منظور فرمائے جائیں جو کہ عوام کا دیرینہ مسئلہ ہے۔ کلی راغہ باکلزئی جو کہ ہزاروں گھرانوں پر مشتمل ہے، وہاں صحت کی کوئی سہولت نہیں ہے، اس لیے بی ایچ یو منظور فرمایا جائے۔ انہوں نے واپڈا سے پرزور مطالبہ کیا کہ بجلی بالکل نہیں آتی ہے جس سے عوام کے سیب کے باغات خشک ہورہے

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5پر)

دکاندار سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیائے خوردونوش فروخت کریں، ڈی سی جعفرآباد

لصیرآباد (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں عوام کو سستے داموں معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی یقینی بنانے اور ناجائز منافع خوری و گرانفروشی کی روک تھام کے لیے ضلعی انتظامیہ جعفرآباد متحرک ہے۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ اللہ یار دھیرج کالرا کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف ٹریڈ یونینز کے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5پر)

جے یو آئی کوئٹہ نے پریس کلب میں مدارس کی نمائندگی کے نام پر ہونے والی پریس کانفرنس کو مسترد کردیا

سو مدارس کی نمائندگی کے دعویدار پہلے اپنے ایک مدرسے کا مستند ثبوت اور مکمل فہرست پیش کریں، حافظ عبدالغنی شہزاد

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان حافظ عبدالغنی شہزاد نے کوئٹہ پریس کلب میں مدارس اور علما کی نمائندگی کے نام پر کی جانے والی پریس کانفرنس کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پریس کانفرنس کرنے والے افراد کا دینی مدارس کے مستند نظام، انتظامیہ اور تنظیمی ڈھانچے سے کوئی قابلِ تصدیق تعلق نہیں۔ سو مدارس کی نمائندگی کا دعویٰ کرنے والوں سے ہمارا دوٹوک سوال ہے کہ وہ پہلے اپنے زیرِ انتظام ایک مدرسے کا مستند ثبوت پیش کریں، اس کے بعد سو مدارس کی فہرست، پتے، ہتھمین اور دیگر مصدقہ تفصیلات عوام کے سامنے رکھیں۔ بلوچستان میں اتحاد المدارس نامی ڈمی تنظیم کا کوئی مستند تنظیمی وعملی وجود ہمارے علم میں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پریس کانفرنس کے انعقاد کے لیے گزشتہ کئی ہفتوں سے سرکاری سطحوں پر کوششیں کی جاتی رہیں، لیکن جب مدارس کے حقیقی ہتھمین اور منتظمین کو ساتھ ملانے میں کامیابی نہ ہوئی تو چند غیر متعلقہ افراد کو جمع کرکے نمائندگی کا مصنوعی تاثر قائم کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس پوری

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5پر)

حاجی علی مدد جتک کو محکمہ زراعت کا قلمدان سونپے جانے پر مبارکباد

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے خواتین ونگ کی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ساجدہ بنگلزئی نے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ زراعت کا قلمدان سونپے جانے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے بیان میں کہا ہیکہ حاجی علی مدد جتک ایک مخلص، محنتی اور عوامی رہنما ہیں جنہوں نے ہمیشہ علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5پر)

روہڑی: فرسٹ شہید شاہ زیب میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کا افتتاح

سکھر (اسلم سومرو) روہڑی میں فرسٹ شہید شاہ زیب میموریل فٹبال ٹورنامنٹ 2026 کا افتتاحی مقابلہ منعقد ہوا، جس میں معروف سماجی و سیاسی شخصیت ملک محمد رضوان الحق ملک نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ انتظامیہ کی جانب سے مہمان خصوصی کو سندھ کی روایتی ثقافت کے مطابق

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5پر)



کوئٹہ، بلوچستان وومن پرموٹ ٹیلنٹ اور نیو پہناوٗ بوتیک اینڈ سیلون کے زیر اہتمام خواتین کی ایوارڈ گولڈ میڈل تقریب کے موقع پر زارا پروین، جہاں آراء تبسم، فائزہ اور دیگر خواتین کا گروپ فوٹو

ضلع صحبت پور بھر میں درختوں کی بے دریغ کٹائی اور لکڑیوں کی اسمگلنگ عروج پر پہنچ گئی

محکمہ جنگلات نے اپنا وجود کھو دیا ہے، ڈپٹی کمشنر اور اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں، عوامی حلقے

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں درختوں کی کٹائی، لکڑیوں کی فروخت اور اسمگلنگ جاری ہے جبکہ محکمہ جنگلات نے اپنا وجود کھو دیا ہے، جس پر عوام نے ڈپٹی کمشنر سمیت دیگر حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق صحبت پور ضلعی ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پہنور سنہڑی، تحصیل مانجھی پور، تحصیل سعید خان، تحصیل حیردین، تحصیل فرید آباد اور تحصیل جیا خان کھوسو میں موسم کی تبدیلی کے ساتھ سرد علاقوں جن میں پشین، کوئٹہ اور قریبی ملک افغانستان سے زیادہ لوگوں کے آکر بسنے کے ساتھ درختوں کی بے دریغ کٹائی اور لکڑی کا کاروبار و اسمگلنگ شروع ہو گئی ہے۔ محکمہ جنگلات نے اپنا وجود کھو دیا ہے اور مختلف علاقوں میں گیس کی سہولت نہ ہونے کے باعث لکڑی کی فی من قیمت بھی من مانے انداز میں ایک ہزار سے پندرہ سو روپے تک مقرر کردی گئی ہے۔ صحبت پور سمیت دیگر علاقوں کے عوامی حلقوں نے ماحول دشمن عناصر کی سرگرمیوں اور محکمہ جنگلات کی خاموشی پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور سمیت اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ صحبت پور ضلع بھر میں درختوں کی کٹائی، لکڑیوں کی فروخت اور اسمگلنگ جاری ہے جبکہ محکمہ جنگلات نے اپنا وجود کھو دیا ہے، جس پر عوام نے ڈپٹی کمشنر سمیت دیگر حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق صحبت پور ضلعی ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پہنور سنہڑی، تحصیل

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5پر)

طبی فضلے کو تلف کرنے والی جدید مشینری نصب کرنے پر غور

لصیرآباد (اے این این) ڈپٹی کمشنر لصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں درپیش اہم مسائل کے حل طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کے لیے جدید مشینری کی تنصیب اور ہسپتال میں موجود دو ٹرانسفارمرز کی منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں جدید مشینری کی تنصیب اس کے لیے مناسب جگہ کے تعین اور ہسپتال میں نصب دو

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5پر)

میر علی سے فتنہ الخوارج کا چھپایا گیا اسلحہ اور بارودی مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد

راولپنڈی (یو این اے) شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سکیورٹی فورسز کا سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے جاری ہے جبکہ میر علی کے علاقہ حیدر خیل میں سکیورٹی فورسز نے کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کا اسلحہ اور بارودی مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد کرلیا۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ فتنہ الخوارج نے حیدر خیل میں ایک خالی رہائشی مکان میں بھاری اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5پر)

کراچی، ٹرک کے بریک فیل ہونے پر حادثہ، 2 افراد جاں بحق، 7 زخمی

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے گلشن اقبال مشرق سینٹر کے قریب تیز رفتار ٹرک کے بریک ہوگئے جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق مشرق سینٹر کے قریب ٹرک کا اچانک بریک فیل ہوگیا جو موٹر سائیکل گاڑی اور پولیس موبائل سے ٹکرا گیا حادثے میں موٹر سائیکل سوار اور راہگیر زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لئے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جن میں سے 2 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5پر)

وفاق کا بلوچستان کے نوجوانوں کو ہزاروں نوکریاں دینے کا اعلان طفل تسلی ہے، صادق آغا

انٹرویوز کے نام پر پڑھے لکھے نوجوانوں کی تذلیل اور پولیس تشدد ناقابلِ قبول ہے، صوبائی سینئر نائب صدر پی ٹی آئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے وفاق کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کو ہزاروں نوکریاں فراہم کرنے کے اعلانات کو طفل تسلی قرار دیتے ہوئے انٹرویوز کے نام پر پڑھے لکھے نوجوانوں کی تذلیل اور پولیس کے ذریعے ان پر تشدد کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان پہلے ہی بے روزگاری، معاشی

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5پر)

چھتر، منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں تیز، شاہراہ پر چیکنگ سخت

چھتر (یو این اے) نوجوان نسل کو منشیات کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھنے اور منشیات کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام کے لیے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کی جانب سے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ قومی شاہراہ پر منشیات اسمگلروں کے خلاف نگرانی اور چیکنگ کا عمل مزید سخت کر دیا گیا ہے، جبکہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر (ETO) جاوید بلوچ کی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5پر)

صدر مملکت کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینئر صحافی، انسانی حقوق کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے حسین نقی کی صحافت، آزادی اظہار اور انسانی حقوق کے لیبطویل خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حسین نقی نے صحافت اور

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5پر)

ایران کی بحری ناکہ بندی مسلسل 130 ویں روز بھی جاری ہے، امریکی سینٹرل کمانڈ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی مسلسل 130 ویں روز بھی جاری ہے۔ سینٹ کام نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے فارسی اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ امریکی فوجی دستے اس ناکہ بندی پر عمل درآمد جاری رکھے ہوئے ہیں، جس کے ذریعے پاسداران انقلاب کو خام تیل کی برآمدات سے اربوں ڈالر حاصل کرنے سے روکا جا رہا

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5پر)

کوہلو کے گنجان آباد علاقے نیو کلی کی سڑکیں تاحال خستہ حال، شہری پینے کے صاف پانی سے محروم

ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو سہولیات فراہم کرنا ہے تو نیو کلی کو بھی ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائے، علاقہ مکینوں کا مطالبہ

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بی ایس ڈی آئی (BSDI) اسکیمات کے تحت اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، تاہم ضلع کے سب سے گنجان آباد علاقے اور کوہلو ٹان میں واقع نیو کلی کی سڑکیں تاحال خستہ حالی کا شکار ہیں۔ علاقے میں نہ تو سڑکوں کی حالت تبدیل ہو سکی ہے اور نہ ہی گرد وغبار سے شہریوں کو نجات مل سکی ہے، جبکہ مکین پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے بھی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5پر)



کوئٹہ، جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں مولانا ہدایت الرحمٰن اور دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

ماہی گیری کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے کوشاں ہیں، طارق قمر

پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کی خدمات قابل ستائش ہیں، سیکرٹری محکمہ فشریز کا خطاب

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن (PUWF) بلوچستان کے زیر اہتمام 21 نومبر عالمی یوم ماہی گیری کے موقع پر کوئٹہ، گوادر اور اورماڑہ میں تقریبات اور سیمینارز منعقد کیے گئے۔ کوئٹہ میں منعقدہ سیمینار میں ماہی گیروں کے معاشی وسماجی تحفظ، بنیادی حقوق، روزگار کے مسائل اور فلاح وبہبود کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیمینار کے مہمانِ خصوصی سیکریٹری فشریز و کوشل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حکومتِ بلوچستان طارق قمر تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت بلوچستان نے ماہی گیروں کو باقاعدہ ورکرز کے دائرے میں لانے کے لیے اقدامات کیے ہیں اور ان کی بہتری کے لیے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے۔ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ فشریز کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے اور اس صنعت کو ترقی دے کر ماہی گیروں کے لیے بہتر مواقع پیدا کیے جائیں۔ سیمینار سے ڈی جی لیبر رہنما بشیر شاہوانی، کمشنر کمپنسیشن مشتاق جعفر، ڈائریکٹر ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان الیاس جعفر، پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے صدر علی بخش جمالی، جنرل سیکریٹری پیر محمد کاکڑ، نیشنل پارٹی کے لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ، سنگت اکیڈمی کے عابدہ رحمان، لیبر لیڈران آغا سلطان شاہ، کامریڈ نذر مینگل، جلیل رند اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ جبکہ سیمنار میں نیشنل پارٹی جنرل سیکرٹری چنگیز جئی ایڈووکیٹ، ڈائریکٹر فشریز ٹکنیکل ڈاکٹر علاالدین، ڈائریکٹر

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5پر)

شدید خشک سالی کے باعث پانی کی تلاش میں نایاب زسندھ آئی بیکس پہاڑوں سے اتر کر انگاڑ ڈیم پہنچ گیا

نچلے علاقوں میں اترنے سے نایاب جانوروں کو شکاریوں سے شدید خطرات لاحق ہیں، ماہر جنگلی حیات محمود سگار

گوادر (یو این اے) بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلیوں اور شدید خشک سالی کے باعث پہاڑی جنگلی حیات کے قدرتی مسکن میں پانی کے چشمے خشک ہونے لگے ہیں جس کے نتیجے میں ایک نر سندھ آئی بیکس پیاس بجھانے کے لیے پہاڑوں سے نیچے اتر کر انگاڑ ڈیم کے اندرونی حدود میں آ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انگاڑ ڈیم کے اندر ایک نایاب سندھ آئی بیکس دیکھا گیا ہے جس کی ویڈیو بھی منظر عام پر آ گئی ہے۔ اس صورتحال پر ماہر جنگلی حیات اور ماحولیاتی صحافی محمود سگار نے اپنا تجزیہ وموقف پیش کرتے ہوئے بتایا کہ موسمیاتی تبدیلی اور بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے پہاڑی علاقوں میں موجود قدرتی چشمے اور برساتی نالوں کے جوہڑ خشک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی مسکن میں پانی کی شدید قلت کے باعث یہ جنگلی جانور مجبوراً بلندی سے نیچے اتر کر ڈیموں کا رخ کررہے ہیں۔ محمود سگ

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈ پینڈنٹ پرنٹرز سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔
03318383955 0812092472

سمندری تیل اور گیس کی تلاش کا آغاز

پاکستان اور ترکیہ نے سندھ اور مکران بیسنز میں تیل اور گیس کے ذخائر کی تلاش کے لئے مشترکہ سروے شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس سلسلے میں ترکیہ کے جدید ترین سیسمک تحقیقی جہاز ''اورچ رئیس'' نے 18 نومبر 2026ء ؔ کو کراچی بندرگاہ پر لنگر انداز ہو کر اپنے تحقیقی مشن کا آغاز کیا۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے جہاز کا پُرتپاک استقبال کیا گیا جبکہ حکام کے مطابق 2027ء ؔ کی چوتھی سہ ماہی تک پہلی ڈرلنگ سرگرمیاں شروع ہونے کی توقع ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ترک وزیر توانائی اور اُن کے وفد کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں دیے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے اِس منصوبے میں ترکیہ کی بھرپور معاونت کو سراہا اور جدید تحقیقی جہاز بھیجنے پر ترک صدر رجب طیب اردوان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تاریخی تعلقات دیرینہ دوستی، باہمی اعتماد، اخوت اور مشترکہ مفادات پر استوار ہیں۔ پاکستان ترکیہ کی تکنیکی مہارت اور تجربے سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے کیونکہ سمندر میں موجود تیل اور گیس کے ذخائر کی کامیاب دریافت سے نہ صرف توانائی کی ضرورتیں پوری ہوں گی بلکہ معاشی ترقی کے نئے امکانات بھی پیدا ہوں گے۔ اُنہوں نے معدنیات اور قابلِ تجدید توانائی سمیت دیگر شعبوں میں بھی دوطرفہ تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اِس سے قبل وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''اورچ رئیس'' کی آمد محض ایک تحقیقی سرگرمی نہیں بلکہ پاک-ترک معاہدوں کو عملی منصوبوں میں تبدیل کرنے کی اہم پیشرفت ہے۔ جہاز سے حاصل ہونے والا ڈیٹا سمندر کی تہہ کے نیچے موجود چٹانی ساختوں اور ممکنہ ذخائر کی واضح تصویر فراہم کرے گا جس کی بنیاد پر مستقبل کے ایکسپلوریشن پروگرام مرتب کیے جائیں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ سمندر کی تہہ میں چھپے خزانوں کی تلاش محض توقعات سے ممکن نہیں، اِس کے لئے سائنس، جدید ٹیکنالوجی، مسلسل سرمایہ کاری اور عزم درکار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت نے 18 سال کے طویل وقفے کے بعد سمندری بلاکس کی مسابقتی نیلامی کے ذریعے اِس شعبے کو دوبارہ فعال کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ملکی توانائی کا تحفظ براہِ راست معاشی استحکام سے وابستہ ہے اور آبنائے ہ?رمز کے بحران سمیت عالمی سپلائی میں تعطل کے خدشات کے باوجود حکومتی اقدامات سے ملک میں ایندھن کی قلت پیدا نہیں ہونے دی گئی، اب مقامی وسائل پر انحصار بڑھانے اور سٹریٹیجک ذخائر مضبوط کرنے پر توجہ دی جارہی ہے۔ ترک وزیر توانائی وقدرتی وسائل نے بھی جہاز کی آمد کو دونوں ممالک کے درمیان توانائی کے تعاون میں نئے دور کا آغاز قرار دیا۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان سمندری حدود میں تیل اور گیس کی مشترکہ تلاش محض ایک معاشی معاہدہ نہیں بلکہ دوطرفہ تزویراتی اشتراکِ عمل کا اہم سنگِ میل ہے۔ اِس سے دونوں ممالک کی توانائی کمپنیوں کے لئے تکنیکی مہارت کے تبادلے، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ یہ پیشرفت اِس لئے بھی اہم ہے کہ 2007ء ؔ کے بعد پاکستان کی سمندری حدود میں تیل اور گیس کی تلاش کا عمل طویل تعطل کا شکار رہا ہے۔ پاکستان کا سمندری زون تقریباً تین لاکھ مربع کلومیٹر پر محیط ہے تاہم 1947ء ؔ میں آزادی کے بعد سے اب تک اِس وسیع علاقے میں محض 18 کے لگ بھگ کنویں کھودے جاسکے ہیں۔ اِس کے برعکس ملک کے زمینی علاقوں میں وقتاً فوقتاً تیل اور گیس کے ذخائر دریافت ہوتے رہے ہیں۔ رواں سال کے آغاز میں ٹنڈو الہ یار کے تین کنوؤں سے یومیہ 97 لاکھ مکعب فٹ جبکہ خیر پور میں یومیہ ایک کروڑ 28 لاکھ مکعب فٹ گیس کی دریافت کی اُمید پیدا ہوئی، اب توجہ سمندر کی اُن وسیع حدود پر مرکوز کی جارہی ہے جہاں قدرتی وسائل کی تلاش کے امکانات موجود ہیں۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ترک وزیر توانائی کی موجودگی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مختاط اندازوں کے مطابق پاکستان کے معدنی ذخائر کی مالیت آٹھ سے 10 کھرب ڈالر ہے۔ ماضی میں اِن وسائل کی تلاش اور اُنہیں معاشی ترقی کے لئے بروئے کار لانے پر مطلوبہ توجہ نہیں دی جاسکی، تاہم اب حکومت مقامی وسائل کی دریافت اور اُن سے استفادے کو معاشی بحالی کی حکمتِ عملی کا حصہ بنا رہی ہے۔ عالمی حالات نے بھی توانائی کے تحفظ کی اہمیت مزید واضح کردی ہے۔

کیا عزت دولت نہیں ہوتی؟

نسیم شاہد

موچی شوکت بھی کمال کی شخصیت ہے اب آپ کہیں گے موچی بھی کوئی شخصیت ہوتا ہے وہ تو بس موچی ہوتا ہے۔ شخصیت تو بڑے بڑے افسروں، سیاستدانوں، سرمایہ داروں، وڈیروں اور نوابوں کی ہوتی ہے۔ موچی، تیلی، مستری، مزدور، محنت کش، ریڑھی رکشے والے کہاں سے شخصیت بن گئے تو بھائیو بس یہی سوچ ہمارے معاشرتی زوال اور انتشار کا باعث ہے۔ انسان کو عزت دینے کی بجائے جب ہم دولت کو عزت دیتے ہیں، اختیار کو عزت دیتے ہیں تو پھر معاشرے میں جعلی عزت دار پیدا ہوتے ہیں۔ حقیقی اور سچے عزت دار تو کہیں دور اندھیرے میں چلے جاتے ہیں۔ میں بات کررہا تھا موچی شوکت کی۔ کل ایک جوتی کی مرمت کیلئے اس کے پاس کچھ دیر بیٹھنے کا موقع ملا۔ بس یوں سمجھیں اس نے میرے چودہ طبق روشن کر دیئے۔ میں نے پوچھا شوکت تمہیں غصہ تو آتا ہوگا کہ قدرت نے تمہیں موچی کیوں بنا دیا، افسر بھی تو بنا سکتی تھی۔ اس نے میری طرف حیرت سے دیکھا اور پوچھا ''موچی بنا کے میرے ساتھ کیا زیادتی کی ہے؟'' آپ کو کیا معلوم میرے دو بھائی معذور ہیں اور اُٹھ نہیں سکتے، وہ مجھے کہتے ہیں، شوکت بھائی آپ کتنے خوش قسمت ہیں، صبح گھر سے جاتے ہیں، سارا دن کام کرتے ہیں اور شام کو واپس آکر اپنے بچوں اور ہمیں دیکھتے ہیں۔ کاش ہم بھی چل پھر سکتے۔ کیا اس وقت میں ان کے سامنے یہ شکوہ کرسکتا ہوں کہ اللہ نے مجھے موچی کیوں بنایا افسر کیوں نہیں بنایا، وہ قدرت جو مجھے روزانہ یہاں بھیج دیتی ہے، اگر چاہتی تو بھائیوں کی طرح مجھے بھی بستر سے لگا دیتی تو میں کیا کر لیتا۔ اس کی یہ بات سن کر میں کانپ گیا۔ وہ اپنے کام میں مگن بھی تھا اور باتیں بھی کئے جا رہا تھا۔ میں نے پوچھا شوکت کبھی کسی سے لڑائی ہوئی۔ کبھی غصہ آیا تو اس نے عجیب جواب دیا۔ کہنے لگا بابو جی لڑنا کس بات پر۔ مجھے تو حیرت ہوتی ہے جب لوگ ذرا ذرا سی بات پر ایک دوسرے سے لڑتے ہیں، بلکہ مرنے مارنے پر تل جاتے ہیں۔ کئی بار مجھے لوگ مزدوری کے پیسے نہیں دیتے یا کم دیتے ہیں میں اس ریڑھی والے کی طرح جو سامنے کھڑا ہے کبھی نہیں لڑتا۔ وہ سبزی بیچتا ہے اور کبھی دو روپے بھی کم ملیں تو ایسے غصے میں آجاتا ہے جیسے اس سے بڑا بدمعاش دنیا میں کوئی نہ ہو، اس لئے اس کی بازار میں ایک آنے کی عزت نہیں، اس پر میرے منہ سے ایسے ہی نکل گیا شوکت کیا انسان کو عزت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اصل چیز تو دولت ہے۔ یہ سنتے ہی اس نے جوتی مرمت کرنے کا کام روک کر میری طرف دیکھا، اس کی آنکھوں میں حیرت تھی جیسے کہہ رہا ہو آپ سے بڑا احمق بھی شاید ہی کوئی ہو، پھر اس نے کہا بابو جی! کیا آپ عزت کو دولت نہیں سمجھتے؟ کیا عزت بھی دولت کی طرح کمانی نہیں پڑتی، بلکہ دولت کمانا تو آسان ہے عزت کمانا بہت مشکل ہے، کیونکہ عزت کوئی ایسی چیز تو ہے نہیں جو کسی دکان سے مل جائے، نہ ہی اسے آپ دولت کی طرح راہ چلتے کسی شخص پر گن تان کر حاصل کر سکتے ہیں۔

میں نے کہا شوکت میرا یہ مطلب نہیں تھا، لیکن یہ بات تو حقیقت ہے کہ عزت سے پیٹ نہیں بھرتا۔ پیٹ بھرنے کیلئے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کہنے لگا سرکار ان دونوں میں کوئی جھگڑا تو ہے نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں کہ جس کے پاس پیسہ ہو اس کی عزت نہ ہو اور جس کے پاس عزت ہو اس کے پاس پیسہ نہ ہو۔ عزت کمانے کا تعلق تو کچھ اور باتوں سے ہے۔ ان باتوں سے جو دولت سے نہیں خریدی جاسکتیں۔ آپ اپنا کام ایمانداری سے کریں تو عزت مل جاتی ہے، کسی کے ساتھ دھوکہ نہ کریں تو عزت ملتی ہے، کسی کو نقصان نہ پہنچائیں تو عزت مل جاتی ہے۔ دوسروں کو اپنی عزت سے پہلے عزت دیں تو عزت خود چل کر آپ کے پاس آجاتی ہے، پھر اس نے ایک لمبی سانس بھر کے کہا بابو جی! اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے مجھے بے بہا عزت دی ہوئی ہے۔ آپ جیسے پڑھے لکھے لوگ بھی میرے پاس آتے ہیں اور مجھ سے باتیں کرتے ہیں، کیا یہ تھوڑی عزت ہے۔ کیا میں اسے دولت نہ سمجھوں، اس پر رب کا شکر ادا نہ کروں۔ اس کی اس بات نے مجھے کئی بندے اور کئی مناظر یاد دلا دیئے۔ مجھے کچھ افسر یاد آئے جو اب ریٹائرڈ زندگی گزار رہے ہیں۔ ان میں سے کئی ایسے ہیں، جب لوگ ان کے دفتر سے باہر آتے تھے تو انہیں من من کی صلواتیں سناتے تھے۔ ان کی عزت بس دفتر کے چھوٹے کمرے تک محدود تھی۔ وہ بھی اس وقت تک جب وہ اپنی کرسی پر بیٹھے ہوتے۔ انہوں نے بہت دولت، بہت جائیدادیں اور بہت بینک بیلنس بنایا ہوگا مگر عزت کے معاملے میں وہ تہی دست تھے۔ دوسری طرف کچھ ایسے ہیں جو آج بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں، انہیں لوگ عزت اور تکریم سے یاد کرتے ہیں کیونکہ انہوں نے عزت کمانے کا فیصلہ کیا دولت کو کبھی خاطر میں نہیں لائے۔ عزت جتنی بھی کمالیں اسے دیکھ کر کبھی کوئی یہ نہیں کہے گا یہ حرام سے کمائی گئی عزت ہے۔ البتہ دولت کو دیکھ کر یہ سوال ضرور اٹھتا ہے کہ اپنی محدود تنخواہ میں اتنی بڑی جائیدادیں اور بینک بیلنس کیسے بنالئے۔

اصل میں یہ روش چل نکلی ہے کہ انسان کی کوئی عزت نہیں، اس کے اعلیٰ شان و شوکت کے حامل رہن سہن کی عزت کرنی ہے، وہ کیسے بنا، کیسے اتنی بڑی شان وشوکت حاصل کی اس پر کسی کی نظر نہیں جاتی، ترقی کرنی چاہیے، اچھی بات ہے مگر انسانوں کو دکھ دے کر نہیں۔ ملک کو لوٹ کر اپنی تجوریاں بھر کر نہیں۔ ٹیکس چوری کر کے، رشوت لے کر یا ملاوٹ و ذخیرہ اندوزی کے ذریعے دولت تو کمائی جاسکتی ہے عزت نہیں۔ یہ جسے ہم خلق خدا کہتے ہیں، وہ سب کچھ دیکھ رہی ہوتی ہے، وہ بھلے زبان سے کچھ نہ کہے مگر دل سے بُرا ضرور کہتی ہے۔ عزت وہ نہیں ہوتی جو سامنے خوف کی وجہ سے کی جائے، عزت وہ ہوتی ہے جو غائبانہ طور پر دل میں جگہ بنا لے۔ موچی شوکت علی کی عزت اگر لوگ دل سے کرتے ہیں تو اس کی وجہ یہی ہے کہ وہ ایک ایسی صاف ستھری زندگی گزار رہا ہے، جس میں ملمع کاری، جھوٹ، منافقت اور جھوٹی نمود و نمائش نہیں، وہ جو کچھ اندر ہے وہی باہر ہے وہ غریب نہیں بلکہ بہت امیر ہے کہ اس کے پاس وہ سچی عزت ہے جو اربوں روپے خرچ کر کے بھی حاصل نہیں ہوتی۔

حقِ حکمرانی کی واپسی!

مجیب الرحمٰن شامی

پاکستان کے چار موجودہ صوبوں میں سے کئی صوبے نکالنے یا ہر صوبے کو کئی صوبوں میں تقسیم کرنے کی بحث زوروں پر ہے۔ بہت سے لوگ بہت سے دلائل دے رہے ہیں، کسی کے پاس بھی الفاظ کی کمی نہیں۔ اپنے اپنے انبار لگائے جا رہے ہیں۔ زیریں سے لے کر اعلیٰ عدالتوں تک میں جو ہزاروں مقدمات زیر سماعت ہیں ان میں سے ہر ایک میں ملزم کا دفاع کرنے والے اور اسے مجرم ثابت کرنے والے برسرِ پیکار رہتے ہیں۔ اُنہیں وکیل کہا جاتا ہے۔ اِس کام کی اُنہوں نے باقاعدہ تعلیم حاصل کر رکھی ہے بلکہ یہ کہیے کہ باقاعدہ لائسنس لے رکھا ہے۔ اس کی وہ باقاعدہ فیس وصول کرتے ہیں، جو سینکڑوں، ہزاروں سے شروع ہوکر لاکھوں، کروڑوں تک جا پہنچتی ہے۔ لاہور ہائی کورٹ کے ایک مرحوم چیف جسٹس نے کئی بار یہ بات دہرائی کہ انہوں نے ایک مقدمے میں ایک فریق سے جو فیس وصول کی تھی، وہ جج کے طور پر ان کی ایک نہیں، دو بلکہ تین سالوں کی تنخواہ سے بھی زیادہ تھی۔

نئے صوبوں کا مقدمہ تو لڑا جا رہا ہے لیکن ابھی تک باقاعدہ فریق سامنے نہیں آئے۔ نہ ہی یہ پتہ چل رہا ہے کہ کون سی عدالت کو اس کی سماعت کرنی ہے اور کس کا فیصلہ حتمی قرار پانا ہے۔ دلائل دینے والے بہرحال میدان میں ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ ''چیٹ جی پٹی'' لوازمہ فراہم کر رہا ہے اور اس سے استفادہ کرنے والے ہلکان ہو رہے ہیں۔ اِس میں کوئی شبہ نہیں کہ پاکستان کا جمہوری نظام دنیا بھر میں انوکھا ہے۔ یہاں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کرا کر سمجھا جاتا ہے کہ جمہوریت کے تقاضے پورے کر دیئے گئے ہیں۔ انتخابات کے آئین کا تقاضہ یہ ہے، اور دنیا بھر میں اس کا اہتمام کیا جاتا ہے کہ اختیارات نچلی سطح تک پہنچیں، وسائل باقاعدہ تقسیم ہوں۔ تحصیل سے لے کر ضلع اور ضلع سے لے کر ڈویژن تک بااختیار منتخب ادارے وجود میں آئیں۔ پاکستان میں جمہوری کہلانے والی حکومتوں کو مقامی حکومتوں یا بلدیاتی اداروں سے اللہ واسطے کا بیر ہے۔ زیادہ تر وزرائے اعلیٰ اپنے اختیار میں کسی کو حصہ دار بنانے پر تیار نہیں، ارکان اسمبلی بھی اپنے اپنے حلقوں میں اپنی اپنی ڈفلی بجا کر اپنا اپنا راگ سنانا چاہتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ افسران کرام وہ کام کر رہے ہیں جو ان کا نہیں ہے۔ جب لوگوں کے منتخب نمائندے ان کے روزمرہ مسائل کو حل کرنے کا اختیار نہیں رکھیں گے، تو جمہوریت کس طرح پنپے گی؟ یہ بات ہمارے اہل سیاست کی سمجھ میں نہیں آ پائی۔ بلدیاتی انتخابات کرانا صوبائی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، وفاقی حکومت کا اس میں کوئی عمل دخل نہیں، نہ ہی وفاقی سطح پر کوئی یکساں قانون بنایا جاسکا ہے، جو ملک بھر میں نافذ العمل ہو۔ نتیجتاً کہیں تو بلدیاتی اداروں کا نام ونشان نہیں ہے اور کہیں ہے بھی تو ان کے پاس اختیارات نہیں ہیں۔ یہی وہ مسئلہ ہے جس نے وہ مسائل پیدا کئے جن کی دہائی دے دے کر نئے صوبوں کی تشکیل کی بات ہو رہی ہے۔ اٹھارویں ترمیم نے وفاق سے اختیارات اور وسائل لے کر صوبوں میں تو بانٹ دیئے لیکن صوبے انہیں ضلع اور تحصیل تک پہنچانے کو تیار نہیں ہیں۔ سو، اب یہ مطالبہ زور پکڑ گیا ہے کہ ''صوبائی سامراج'' کو توڑا جائے اور ایک صوبے کو کئی صوبوں میں تقسیم کر کے عوام کو معاملات کار میں شریک کیا جائے۔

نئے صوبوں کی ضرورت پر دلائل کے انبار لگ چکے ہیں لیکن انہیں کیسے بنایا جائے یا کیسے بنایا جاسکتا ہے، اس سوال نے حالات میں سنگینی گھول دی ہے۔ کتاب آئین کہتی ہے کہ جس بھی صوبے میں نئے صوبے بنانا ہیں، وہاں کی اسمبلی کو پہلے دوتہائی اکثریت سے اس کی منظوری دینا ہوگی، اس کے بعد پارلیمنٹ کے دونوں ایوان کتاب آئین میں باقاعدہ ترمیم کر کے ان کے ناموں کا اندراج کریں گے۔ گویا جب تک کوئی صوبائی اسمبلی نہ چاہے صوبے کی حدود میں ردوبدل نہیں کیا جاسکتا، اس اکائی کو دو تین یا چار حصوں میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔ یہ وہ الجھن ہے جو سلجھائے نہیں سلجھ رہی۔ ایک تجویز یہ سامنے آئی ہے کہ پارلیمنٹ آئین میں ترمیم کر کے صوبائی اسمبلیوں کا اختیار ختم کرے، اور اپنی اکثریت کے بل پر نئے صوبے بنا دے۔ اس کے لئے بھی دونوں ایوانوں (سینیٹ اور قومی اسمبلی) کی الگ الگ دو تہائی تعداد درکار ہے۔ موجودہ پارلیمنٹ پر مسلم لیگ (ن) پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف کے متعلقین کا غلبہ ہے۔ جب تک کوئی دو پارٹیاں آمادہ نہ ہوں ترمیم نہیں ہوسکتی۔ پیپلز پارٹی کو سندھ میں نیا صوبہ کسی طور قبول نہیں، لہٰذا وہ تو اس کے لئے کسی بھی سطح پر دستِ تعاون دراز کرنے سے رہی، مسلم لیگ (ن) میں بھانت بھانت کی بولیاں بولنے والے موجود ہیں لیکن ابھی تک اس نے باقاعدہ کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ تحریک انصاف نئے صوبوں کے حق میں ہے، لیکن اس کی تائید حاصل کرنے کے لئے اس کی مٹھی گرم کرنا پڑے گی۔ وہ بھی تن تنہا یہ کام نہیں کرسکتی، اسے مزید کمک کی ضرورت ہوگی جو کہاں سے فراہم ہوگی، یہ کسی کو معلوم نہیں۔ حکیمانِ حاذق نے اس پرنسخہ یہ تجویز کیا ہے کہ ریفرنڈم کرا لو، عوام کی رائے نئے صوبوں کے حق میں آجائے تو پارلیمنٹ سے پوچھے بغیر آئین میں ردوبدل کر ڈالو۔ جب عوام کی رائے سامنے آجائے تو پھر پارلیمنٹ سے پوچھنے کی کیا ضرورت؟ پارلیمنٹ کو بھی تو عوام ہی نے بنایا ہے، عوام کی رائے کو براہ راست وفاقی آئینی عدالت کے سامنے پیش کر کے توثیق کرالی جائے اور نئے صوبے بنا دیئے جائیں۔ اس پر بلاول بھٹو زرداری چراغ پا ہیں، للکار رہے ہیں، غرا رہے ہیں اور زور زبردستی کو وارننگ دے رہے ہیں کہ ایسا ہوا تو خون کے دریا بہہ جائیں گے۔

صدر اور وزیراعظم سر جوڑ کر بیٹھے ہیں، اِدھر اُدھر بھی کھسر پھسر ہو رہی ہے لیکن کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے؟ سو باتوں کی ایک بات یہ ہے کہ جو بھی کرنا ہے، اتفاق رائے سے یا (کم از کم) بھاری اکثریت کی رائے سے کیا جائے۔ اس کے لئے بیٹھک کا اہتمام کیجیے، ایک بار نہیں سو بار بیٹھیے۔ اجتماعی ذہانت کو کام میں لائیے، دستور کے تقاضوں کے مطابق عوام کو ان کا حقِ حکمرانی لوٹا دیجیے۔

''پرچھاواں'' کے لئے عالمی ایوارڈ

اِس خبر نے پورے ملک میں عموماً اور پنجاب میں خصوصاً خوشی کی لہر دوڑا دی کہ ریڈیو پاکستان سے منسلک ممتاز قلم کار اور براڈ کاسٹر اکمل شہزاد گھمن کے پنجابی ناول ''پرچھاواں'' نے پنجابی فکشن کا 13 واں سالانہ عالمی ایوارڈ جیت لیا ہے۔ اس کا اعلان کینیڈا کے صوبے برٹش کولمبیا کے شہر سرے میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں کیا گیا، جس میں پنجابی زبان و ادب سے وابستہ دنیا بھر سے نمایاں شخصیات شریک ہوئیں۔ گھمن صاحب کو 25 ہزار کینیڈین ڈالر نقد پیش کیے جائیں گے۔ ریڈیو پاکستان اور اکمل شہزاد گھمن کو یہ اعزاز مبارک۔

وفا کا عنوان لوگ!

خالد کاشمیری

1966ء ؔ کے شروع دن تھے کہ اس وقت کے شہنشاہ ایران رضا شاہ پہلوی پاکستان کے دورے پر آئے، لاہور تشریف لائے گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان نواب آف کالا باغ تھے ابھی پاکستان کی سرحدیں خیبر سے چاٹگام تک پھیلی ہوئی تھیں چنانچہ شاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی کو گورنر ہاؤس لاہور میں ٹھہرایا گیا اسی رات کو گورنر ہاؤس میں شاہ کے شایانِ شان عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں شاہ ایران اور ان کے ساتھ آنے والے وفد سے ارکان کے علاوہ وفاقی وزراء ؔ جن میں مشرقی پاکستان سے تعلق رکھنے والے کچھ وزراء ؔ بھی شامل تھے عشائیہ میں شریک تھے، اعلیٰ حکومتی فیصلے کی روشنی میں عشائیہ کے بعد رات گئے مہمانوں کی تفریح طبع کی خاطر خصوصی طور پر رنگا رنگ تقریب کا خصوصی پروگرام بھی مرتب کیا جاچکا تھا جس میں میڈیا کے نمائندوں کو نہ بلایا گیا تھا نہ ہی اِس حوالے سے کوئی اطلاع جاری کی گئی تھی یہ عقدہ اُسی رات کھلا اور ایسے وقت پر کھلا جب ملک کی نامور ادارہ نیلو کے بارے میں یہ بات زبانِ زدِ عام ہوگئی کہ وہ انتہائی تشویشناک حالت میں گلبرگ لاہور میں واقعہ یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال میں پہنچائی گئی ہیں۔ رات کے قریباً ساڑھے دس گیارہ بجے کے وقت میں اپنے دفتر روزنامہ ''نوائے وقت'' شاہ دین بلڈنگ شاہراہ قائداعظم میں بیٹھا تھا کہ برسوں سے سائیکل سٹینڈ چلانے والے کے چھوٹے بھائی نے نام لے کر کہا، نیچے ریاض صاحب آپ کو بُلا رہے ہیں، میں نیوز روم میں بیٹھا تھا کہ سید سلطان عارف (خدا انہیں غریق رحمت کرے) فوراً بولے خالد، ریاض شاہد، تمہارے دوست ہوں گے، مَیں نے جواباً شاید کہا اور اُٹھ کر نیچے چلا گیا، دیکھا تو واقعی ریاض شاہد تھے۔ خدا تعالیٰ انہیں کروٹ کرو جنت نصیب کرے، کیا باغ و بہار شخصیت کے مالک تھے انہیں بچھڑے برسوں بیت گئے، اللہ تعالیٰ نے انہیں انتہائی دِل نشیں انداز نگارش سے نوازا تھا۔ شعر بھی خوب کہتے تھے، بات کرتے تو پھلجھڑیاں چھوٹتیں، میدانِ ادب و صحافت کی طرف سے چمنستانِ فلم کی طرف ایسے گئے کہ پھر وہیں کے ہو کے رہ گئے۔ سرخ و سپید رنگ، چہرہ انار کی مانند گلرنگ، دمکتا مسکراتا، بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے تحت منعقدہ بلدیاتی انتخاب میں موہنی روڈ لاہور میں حلقہ سے بلدیہ لاہور کے رکن منتخب ہوئے تھے میں ایک اپنے دادا جان مرحوم و مغفور عبدالرحمٰن شوق کی سینکڑوں تصانیف کے پبلشرز ملک دین محمد اینڈ سنز کے دفتر میں اُن سے ملنے گیا ہوا تھا کہ ریاض شاہ دادا جان سے اُن کی کتاب ''خالد بن ولید'' کی تلاش میں آئے، وہیں میری اُن سے پہلی ملاقات ہوئی جو بالآخر گہرے مراسم میں ڈھل گئی تھی۔ بہرحال ریاض شاہد جب مجھے نوائے وقت میں ملنے آئے تو اگرچہ اپنی سرخ رنگ کی سپورٹس کار میں بادامی رنگ کی پتلون اور کرمچی قمیض میں ملبوس تھے مگر چہرے سے پریشانی ٹپک رہی تھی، میں نے فوراً پوچھا، خیریت ہے؟'' گاڑی کا دروازے کھولتے ہوئے صرف اتنا کہا، ''بیٹھو تو بتاؤں''! اور گاڑی کوئنز روڈ کی طرف موڑ دی، میں نے پھر کہا، کہاں جانا ہے؟ یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال اور راستے میں دلگیر سے لہجے میں بتایا، گورنر امیر محمد خان نے ایک بدمعاش کے ذمے یہ کام لگایا تھا کہ نیلو کو ہر قیمت پر گورنر ہاؤس رات کو پہنچانا ہے۔ جہاں شاہ ایران کے سامنے اس کو رقص کرنا ہوگا۔ حکومت کے ایک بڑے افسر کو نیلو نے کوئی حتمی جواب دینے سے انکار کر دیا۔ اس گفتگو کے دوران یونائیٹڈ کرسچین ہسپتال تک پہنچتے پہنچتے ریاض صاحب نے بتا دیا کہ شہنشاہوں کے آگے کسی بھی پاکستانی خاتون خواہ وہ اداکارہ ہی کیوں نہ ہو، رقص کرانا ہماری اخلاقی اقدار کا مذاق اڑانے کے مترادف ہے۔ مجھے شہنشاہوں کی محفل میں اِس قسم کی صورتحال گوارا نہیں!! اسی قسم کی گفتگو کے نتیجے میں یقیناً شاہوں کی محفل میں ایک مشرقی معاشرے میں شعور کی آنکھ کھولنے والی عورت نے اپنی غیرت کو چیلنج سمجھا اور حاکموں کا حکم ماننے سے نہ صرف انکار کر دیا اور گھر والوں کے علم میں لائے بغیر جان لیوا گولیاں کھالیں، گویا خودکشی کی کوشش کی، غنڈوں کا غول اُسے زبردستی لینے آیا۔ تو نیلو کو بے ہوشی کی حالت میں ہسپتال پہنچایا جاچکا تھا۔ نیلو نے وہی فیصلہ کیا تھا جو مشرقی خواتین ناموس کے تحفظ اور عہد نبھانے کے لئے کیا کرتی ہیں۔ مجھے اس روز پہلی دفعہ یہ معلوم ہوا یو سی ایچ لاہور میں بلکہ پورے پنجاب میں پہلا ایسا ہسپتال ہے جس میں کاریں بالائی منزل تک جا سکتی ہیں وہاں پر نیلو کے بہی خواہوں کا بڑا ہجوم تھا مگر اُسے ملنے کی اجازت تھی۔ نیلو کے چھوٹے بھائی نے آبدیدہ ہوتے ہوئے مجھے بتایا ''ڈاکٹر صاحب نے کہا ہے کہ نیلو کی زندگی کے بارے میں ابھی کچھ نہیں کہا جاسکتا وہ بے ہوشی کے عالم میں ہے۔ رات کے پچھلے پہر مجھے ریاض شاہد نے گھر کے قریب اتارا اور یہ بات صبح تک عوام سے ہو کر اہل قلم تک پہنچی اُن کے قلم تلملا اُٹھے، کچھ نے اشاروں کنائیوں میں حاکموں کی جابرانہ حکمت عملیوں کو قلم کے کچوکے دیے مگر اس دور میں عوامی جذبات کی ترجمانی کرنے والے حبیب جالب تو گویا چیخ اُٹھے، چند دن بعد نیلو کی جان بچ گئی، وائی ایم سی اے ہال میں ایک تقریب ہوئی جو ہیومن رائٹس تحریک کے زیر اہتمام تھی اس میں ریاض شاہد بھی مقررین میں سے تھے اور حبیب جالب نے وہاں نیلو کے حوالے سے اپنی یہ نظم سنا کر بے پناہ داد حاصل کی تھی

احمر بلال صوفی: ''سلسلہ بروہیہ'' کی تیسری کڑی

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

گزشتہ ہفتے ایک معروف دینی مدرسے کے شیخ الحدیث بغرض ملاقات و تبادلہ خیال دفتر تشریف لائے۔ گھنٹے ڈیڑھ کی ملاقات میں یہ بات وہ مکرر کہتے رہے:

''جناب میں نے دینی مدارس سے باہر کے لوگوں کی کتابیں پڑھیں تو پتا چلا کہ ہم اہل مدرسہ کے علاوہ بھی دنیا میں بہت بڑے بڑے عالم دین موجود ہیں۔ معلوم نہیں ہمارا دینی طبقہ انہیں عالم دین کیوں تسلیم نہیں کرتا، اور کیوں ان کی کتابوں سے استفادہ نہیں کرتا'' میں انہیں تو کچھ نہیں کہہ سکا لیکن بذریعہ تحریر اپنے اس معزز دینی طبقے کو توجہ دلاتا ہوں کہ فقہ اسلامی کے بانیان ہی دیکھ لیجئے۔ امام ابوحنیفہ کپڑے کے تاجر تو امام احمد بن حنبل یومیہ مزدور تھے، امام قدوری کمہار تو امام شافعی کسی دفتر میں منشی تھے۔ ادھر اپنے امام مالک تیر ساز تھے۔ ابھی حالیہ تاریخ میں ایک معروف فقیہ محمد علی صابونی نے اپنے قدیم خاندانی پیشے صابن سازی کو زندگی بھر نام کا جزو بنائے رکھا۔ یہ سبھی عام زندگی کے چلتے پھرتے کردار تھے، کسی دینی مدرسے سے نہیں پڑھے ہوئے تھے۔ برصغیر کے چوٹی کے شاعر جگر مرادآبادی تھیلے میں عینکیں لیے گھوم پھر کر بیچتے، اور اسی پر ان کی گزر بسر تھی۔ چنانچہ اپنے مذکورہ شیخ الحدیث دوست کے اعتراف سے مجھے لگا کہ وہ دور پار ملگجے دریچے کے پیچھے کھڑے جگر مرادآبادی انہیں دیکھ کر مسکرا رہے ہیں:

تجاہل، تغافل، تبسم، تکلم
یہاں تک تو پہنچے وہ مجبور ہوکر

سنا ہے سابق وزیر قانون احمر بلال صوفی کی دل دہلا دینے والی کتاب the CovenantsQu'ran's Legal its and Architecture کا اردو ترجمہ ہو رہا ہے۔ ہوتا رہے، مجھے تو اس کے عربی ترجمے کی زیادہ خواہش ہے۔ کتاب کیا ہے، صاحب مجھ میں تو اس کے تعارف کا بھی یارا نہیں ہے۔ قرآن میں مذکور مختلف النوع انسانی و یزدانی تعلقات جیسے عہد، میثاق، معاہدہ، وعدہ، وثیقہ اور اتفاق کی اتنی جامع، باریک بین اور پختہ تفسیر اور وہ بھی یکجا ضخیم کتابی شکل میں میری نظر سے آج تک نہیں گزری۔ کسی دینی مدرسے کا شیخ القران سو پچاس سال بعد اس کتاب کا عربی ترجمہ پڑھ کر کبھی نہیں کہہ سکے گا کہ صاحب کتاب مدرسے سے نہیں بلکہ انگریزی وکیل ہے۔ ہمارے مدارس کی نصابی کتاب قدوری پڑھاتے وقت کسی کو یہ خیال نہیں آتا کہ یہ کتاب ایک کمہار کی لکھی ہوئی ہے۔ مدون ء ؔ الکبریٰ پڑھاتے وقت کوئی یہ خیال نہیں کرتا کہ فقہ مالکی کے امام مالک تیر بنانے والے لوہار تھے۔

اے کے بروہی مرحوم پیشے کے لحاظ سے وکیل تھے۔ انہوں نے دستوری قانون پر اتن

01

خوشحالی کی فضا بحال ہونی چاہیے، جبکہ دہشت، خوف، بدامنی، ظلم اور جبر کا خاتمہ ناگزیر ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عدل و انصاف، بنیادی حقوق، ترقی اور امن کے قیام کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔عوام اور اپنے حقوق، امن اور روشن مستقبل کے لیے آواز بلند کریں۔ان کا کہنا تھا کہ یہ جلسہ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کے خاتمے اور جماعت اسلامی کی بدل دو نظام تحریک کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہوگا۔جبکہ دہشت، خوف، بدامنی، ظلم اور جبر کا خاتمہ ناگزیر ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عدل و انصاف، بنیادی حقوق، ترقی اور امن کے قیام کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ اپنے حقوق، امن اور روشن مستقبل کے لیے آواز بلند کریں۔ان کا کہنا تھا کہ یہ جلسہ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کے خاتمے اور جماعت اسلامی کی بدل دو نظام تحریک کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہوگا۔ جبکہ دہشت، خوف، بدامنی، ظلم اور جبر کا خاتمہ ناگزیر ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عدل و انصاف، بنیادی حقوق، ترقی اور امن کے قیام کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ بلوچستان کے عوام اور نوجوانوں کو خوف، بدامنی اور دہشت گردی سے نجات دلانے کے ساتھ ان کے حقوق، امن اور عزت و احترام کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان میں مثالی امن، بھائی چارے اور خوشحالی کی فضا بحال ہونی چاہیے، جبکہ دہشت، خوف، بدامنی، ظلم اور جبر کا خاتمہ ناگزیر ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عدل و انصاف، بنیادی حقوق، ترقی اور امن کے قیام کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔

مزید احسن طریقے سے سرانجام دے کر محکمہ پولیس کا معیار اور وقار بڑھائیں گے عوامی حلقوں نے سب انسپکٹر ظفر اللہ بلوچ سے اپنی نیک خواہشات اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ظفر اللہ بلوچ کی سب انسپکٹر کے منصب پر ترقی خوش بیند ہے ظفر اللہ بلوچ کا شمار بلوچستان پولیس کے ہونہار اور فرض شناس افسرز میں ہوتا ہے موصوف ذہین اور قابل پولیس افسر ہیں اے ایس پی سے سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی موصوف کی انتھک محنت اور عمدہ محکمانہ کارکردگی کا ثمر ہے بیلا کے عوامی حلقوں نے ڈی سی جی لسبیلا ڈویژن کے احکامات اور ترقی کے جاری نوٹیفکیشن کو خوش بند اور حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے سب انسپکٹر ظفر اللہ بلوچ کو دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے وہ اپنی خداداد صلاحیتوں کی بدولت اپنے محکمانہ فراض مزید احسن طریقے سے سرانجام دے کر محکمہ پولیس کا معیار اور وقار بڑھائیں گے عوامی حلقوں نے سب انسپکٹر ظفر اللہ بلوچ سے اپنی نیک خواہشات اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

02

ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری، اسسٹنٹ کمشنر مصطفی شفیع، ڈاکٹر عطاء اللہ مری، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی رفیق بزدار، ایم اینڈ ای ای پی آئی میر کلیم بلوچ، بی آر ایل پی کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر حبیب اللہ خان سمیت محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر میں طبی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں اور مراکزِ صحت کی موجودہ صورتحال، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری اور مختلف انتظامی وفنی مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

04

دیئے سیمینار میں طلبا نے شرکا سے تعلیمی، سیاحتی، سماجی، مذہبی اور سیاسی امور کے متعلق سوالات پوچھے شرکا نے طلبا کے سوالات کے جوابات دیے مہمانوں اور طلبا نے کامیاب اور تعمیری پروگرام کے انعقاد کو سراہتے ہوئے اسے بوائز ڈگری کالج کی بہترین تعلیمی سفر کا نتیجہ قرار دیا شرکا نے پروگرام کے انعقاد پر بوائز ڈگری کالج کے پرنسپل پروفیسر عبد الرحمٰن امین اور انکی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں سالانہ بزم ادب کی مناسبت سے خصوصی سیمینار زیر صدارت پرنسپل پروفیسر عبدالرحمٰن امین منعقد ہوئی، جس میں بی آر سی کے پروفیسر خورشید شاہ، اسسٹنٹ کمشنر شیرانی حبیب الرحمٰن ڈی ای او شیخ موسیٰ خان قطب خان آفاقی، سماجی رہنما علی خان شیرانی، اے ڈی سی عبدالستار حضرت ولی ناصر بی پی ایل اے کے صدر پروفیسر نور اللہ کاکڑ بی آر سی اور ڈگری کالج کے طلبا اساتذہ نے شرکت کی، پروگرام کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن مجید سے ہوا، جس کی سعادت سال اول کے طالب انکز خان نے حاصل کی نظامت کے فرائض پروفیسر عبدالغفار شیرانی نے سرانجام دیئے سمینار میں طلبا نے شرکا سے تعلیمی، سیاحتی، سماجی، مذہبی اور سیاسی امور کے متعلق سوالات پوچھے شرکا نے طلبا کے سوالات کے جوابات دیے مہمانوں اور طلبا نے کامیاب اور تعمیری پروگرام کے انعقاد کو سراہتے ہوئے اسے بوائز ڈگری کالج کی بہترین تعلیمی سفر کا نتیجہ قرار دیا شرکا نے پروگرام کے انعقاد پر بوائز ڈگری کالج کے پرنسپل پروفیسر عبد الرحمٰن امین اور انکی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔

05

ہے،ان سے رقم چھینی جاتی ہے اور خواتین کو راستوں میں روک کر ان کی تلاشی لی جاتی ہے، جس سے علاقے کے عوام شدید مشکلات اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔رہنماں نے کہا کہ علاقے کے عوام کو اپنے ہی علاقے میں آزادانہ نقل وحرکت اور عزت واحترام کے ساتھ زندگی گزارنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے صوبائی حکومت، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، مبینہ طور پر اغوا کیے گئے تینوں افراد کی بازیابی یقینی بنائی جائے اور مقامی آبادی کو مبینہ ہراسانی اور غیر قانونی اقدامات سے تحفظ فراہم کیا جائے۔

06

نقصان پہنچانے کا ذمہ دار کون ہوگا؟ یاد رہے کہ کافی عرصہ قبل ضلعی انتظامیہ، آل پارٹیز اور انجمن تاجران ژوب کے درمیان باقاعدہ فیصلہ طے پایا تھا کہ تمام سیاسی جلسے اور اجتماعات مین بازار کے بجائے ظریف شہید پارک میں منعقد کیے جائیں گے۔مگر افسوس کہ اس طے شدہ فیصلے پر عمل درآمد نہیں کیا جا رہا، جو نہ صرف تاجروں کے حقوق کی خلاف ورزی ہے بلکہ ضلعی انتظامیہ کی رٹ اور فیصلوں پر عمل درآمد کی صلاحیت پر بھی ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ہم ضلعی انتظامیہ سے دوٹوک سوال کرتے ہیں جب باقاعدہ فیصلہ موجود ہے تو اس پر عمل درآمد کیوں نہیں ہو رہا؟ کیا انتظامیہ اپنے ہی فیصلوں پر عمل درآمد کروانے سے قاصر ہے؟ کیا قانون اور ضابطے صرف عام شہریوں اور تاجروں کے لیے ہیں؟ اگر فیصلوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی نہیں ہوگی تو پھر انتظامیہ کی عمل داری کہاں باقی رہ جاتی ہے؟ ہم کسی سیاسی جماعت یا عوامی احتجاج کے مخالف نہیں ہیں، لیکن احتجاج کے نام پر تاجروں کے معاشی قتل کو کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔سیاسی سرگرمیوں کے لیے مخصوص مقام موجود ہے، لہذا تمام سیاسی جماعتیں اپنے جلسے ظریف شہید پارک میں منعقد کریں اور مین بازار کو کاروباری سرگرمیوں کے لیے کھلا رہنے دیں۔

07

اور گھر گھر عوام تک پیغام پہنچائیں اور انہیں دعوت دیں کہ وہ جلسہ عام میں شرکت کر کے خان شہید کی قومی، وطنی، سیاسی، ادبی، صحافتی، جمہوری خدمات پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے اپنا مثبت، تعمیری، قومی، سیاسی، جمہوری کردار ادا کریں اور جلسہ عام کو کامیاب بنائیں۔انہوں نے کہا کہ 22 نومبر بروز اتوار دوپہر 2 بجے صدر تحصیل کانفرنس منعقد کی جائے گی اور کانفرنس کے تمام مندوبین، مبصرین بروقت شرکت کو یقینی بنائیں۔ کانفرنس کی تمام تر تیاریاں مکمل کر لی گئی ہے اور پارٹی کی تنظیمی سیاسی فعالیت کو مزید دوبالا کرنے، پارٹی آئین ومنشور کے تحت جمہوری عمل میں صدر تحصیل کانفرنس اور نئی کابینہ کی تشکیل سے ضلع کوئٹہ میں پارٹی مزید منظم ہوگی۔

03

10 میں 275 ریکارڈ کیا گیا۔پنجاب کے دیگر شہروں بہاولپور کا اے کیو آئی 525، گوجرانوالہ میں 435، فیصل آباد کا ایئر کوالٹی انڈیکس 415 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ سرگودھا میں 404 اور ملتان کا اے کیو آئی 274 پارٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران بارش کا کوئی امکان نہیں، بارش اور تیز ہوائیں نہ چلنے کے باعث فضائی آلودگی میں کمی کے امکانات معدوم ہیں، موسم خشک رہنے اور ہوا کی رفتار کم ہونے سے لاہور سمیت مختلف شہروں میں سموگ کی صورتحال برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔قومی ادارہ صحت نے متعدی بیماریوں میں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا ہے، موسمی فلو، سانس اور دل کے امراض میں اضافے کا خدشہ ہے۔دوسری جانب ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک سردی کی شدت میں اضافہ اور بلوچستان میں بھی یخ بستہ موسم کا سلسلہ جاری ہے۔اسکردو اور گردونواح میں شدید سردی کی لہر کے باعث شہری علاقوں میں درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا ہے اور درختوں کے پتوں پر سفیدی چھا گئی ہے۔کوئٹہ کا درجہ حرارت 3 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا۔

09

(ڈبلیو ایچ او)، یونیسیف اور گیٹس فاؤنڈیشن شامل ہیں۔ادارے کے مطابق بین الاقوامی شراکت داروں کا تعاون ملک میں بچوں کو قابلِ انسداد بیماریوں سے محفوظ بنانے اور قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کو مزید مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

10

حوالے سے اسسٹنٹ انجینئر لوکل گورنمنٹ نصیر اسلم پندرانی نے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات سے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویژنل انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ نصیر آباد نیک محمد کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان ڈویلپمنٹ پروگرام PSDP کے تحت یہ منصوبے ضلع استامحمد کے مختلف علاقوں بالخصوص تحصیل گنداخہ اور تحصیل استامحمد کے دیہی وشہری علاقوں میں شروع کیے جا رہے ہیں ان منصوبوں کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

11

ہیں، لہذا املاشاخ کے مقام پر ڈیم بنایا جائے جبکہ یونفون ہر وقت خراب رہتا ہے۔اہلیان راغہ بالکڑئی نے حکام بالا وزیراعلی، چیف سیکرٹری، کمشنر ژوب ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت یونین کونسل کچوغی اور کلی راغہ بالکڑئی کے مسائل حل فرمائیں اور سکولوں کی حالت پر ذرا توجہ فرمائی جائے جس پر عوام ان کے ممنون ہوں گے۔

12

نمائندوں، تاجر برادری کے عہدیداران اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شہر میں اشیائے خوردونوش کی موجودہ قیمتوں، مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سبزیوں، پھلوں، گوشت، دالوں، چاول اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں پر غور وخوض کیا گیا۔

13

سرگرمی کا سب سے بڑا تضاد یہ ہے کہ ایک طرف سیاست سے لاتعلقی کا اعلان کیا گیا، جبکہ دوسری جانب سکرپٹ کے مطابق جمعیت علما اسلام کو باقاعدہ سیاسی تنقید کا نشانہ بنایا گیا اور وزیراعلی بلوچستان سے مالی امداد سمیت پنجاب کے طرز پر سرکاری فنڈز کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ مدارس کی آزادی، خودداری اور خودمختاری کا تقاضا ہے کہ انہیں حکومتی مالی مراعات اور سیاسی سرپرستی کا محتاج بنانے کے بجائے ان کے آزادانہ دینی تشخص کا تحفظ کیا جائے، سرکاری امداد کے حصول کو مدارس کی نمائندگی اور خودمختاری کا عنوان دینا کسی طور قابلِ قبول نہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اس پریس کانفرنس کے پس منظر میں بعض افراد کی ماضی کی سرگرمیاں بھی کئی سوالات کو جنم دیتی ہیں۔ بالخصوص قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف میزان چوک پر توہین آمیز زبان استعمال کرنے والے شخص کو سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری کی سفارش پر مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا رکن مقرر کیے جانے کا معاملہ بھی قابلِ غور ہے۔

14

حل کے لیے جدوجہد کی ہے۔ ان کی بطور وزیر زراعت تقرری صوبے کے کاشتکاروں اور زمینداروں کے لیے خوش آئند ثابت ہوگی۔انہوں نے حاجی علی مددجنگ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

15

ٹرانسفارمرز کو موجودہ مقام سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔

16

ماچھی پور، تحصیل سعید خان، تحصیل حیرودین، تحصیل فرید آباد اور تحصیل جیا خان کھوسو میں موسم کی تبدیلی کے ساتھ سرد علاقوں جن میں پشین، کوئٹہ اور قریبی ملک افغانستان سے زیادہ لوگوں کے آکر بسنے کے ساتھ درختوں کی بے دریغ کٹائی اور لکڑی کا کاروبار واسمگلنگ شروع ہوگئی ہے۔محکمہ جنگلات نے اپنا وجود کھو دیا ہے اور مختلف علاقوں میں گیس کی سہولت نہ ہونے کے باعث لکڑی کی فی من قیمت بھی من مانے انداز میں ایک ہزار سے پندرہ سو روپے تک مقرر کر دی گئی ہے۔صحبت پور سمیت دیگر علاقوں کے عوامی حلقوں نے ماحول دشمن عناصر کی سرگرمیوں اور محکمہ جنگلات کی خاموشی پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور سمیت اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔صحبت پور ضلع بھر میں درختوں کی کٹائی، لکڑیوں کی فروخت اور اسمگلنگ جاری ہے جبکہ محکمہ جنگلات نے اپنا وجود کھو دیا ہے، جس پر عوام نے ڈپٹی کمشنر سمیت دیگر حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق صحبت پور ضلعی ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پہنور سنہڑی، تحصیل ماچھی پور، تحصیل سعید خان، تحصیل حیرودین، تحصیل فرید آباد اور تحصیل جیا خان کھوسو میں موسم کی تبدیلی کے ساتھ سرد علاقوں جن میں پشین، کوئٹہ اور قریبی ملک افغانستان سے زیادہ لوگوں کے آکر بسنے کے ساتھ درختوں کی بے دریغ کٹائی اور لکڑی کا کاروبار واسمگلنگ شروع ہو گئی ہے۔محکمہ جنگلات نے اپنا وجود کھو دیا ہے اور مختلف علاقوں میں گیس کی سہولت نہ ہونے کے باعث لکڑی کی فی من قیمت بھی من مانے انداز میں ایک ہزار سے پندرہ سو روپے تک مقرر کر دی گئی ہے۔صحبت پور سمیت دیگر علاقوں کے عوامی حلقوں نے ماحول دشمن عناصر کی سرگرمیوں اور محکمہ جنگلات کی خاموشی پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور سمیت اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

17

مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بی ایس ڈی آئی اسکیمات کے تحت مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہونا خوش آئند اقدام ہے، لیکن دوسری جانب کوہلو شہر کے اہم اور گنجان آباد علاقے نیوکلی کے مکین بنیادی شہری سہولیات سے تاحال محروم ہیں۔علاقے کی سڑکیں طویل عرصے سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، ہر طرف گرد وغبار کے باعث شہریوں، بچوں، بزرگوں اور دکانداروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔اس کے علاوہ پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی نے مکینوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر بی ایس ڈی آئی اسکیمات کے ثمرات صرف وڈیروں اور بااثر افراد تک محدود ہیں تو پھر عام شہریوں کو کسی بہتری کی امید نہیں رکھنی چاہیے، لیکن اگر ان ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے تو کوہلو ٹان کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی کو بھی ترجیحی بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں میں شامل کیا جائے۔مکینوں نے متعلقہ حکام، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعمیرات و مواصلات سے مطالبہ کیا ہے کہ نیوکلی کی خستہ حال سڑکوں کی تعمیر و مرمت، صاف پینے کے پانی کی فراہمی اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام شہریوں تک بھی پہنچ سکیں۔بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بی ایس ڈی آئی (BSDI) اسکیمات کے تحت اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، تاہم ضلع کے سب سے گنجان آباد علاقے اور کوہلو ٹان میں واقع نیوکلی کی سڑکیں تاحال خستہ حالی کا شکار ہیں۔علاقے میں نہ تو سڑکوں کی حالت تبدیل ہو سکی ہے اور نہ ہی گرد وغبار سے شہریوں کو نجات مل سکی ہے، جبکہ مکین پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے بھی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بی ایس ڈی آئی اسکیمات کے تحت مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہونا خوش آئند اقدام ہے، لیکن دوسری جانب کوہلو شہر کے اہم اور گنجان آباد علاقے نیوکلی کے مکین بنیادی شہری سہولیات سے تاحال محروم ہیں۔علاقے کی سڑکیں طویل عرصے سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، ہر طرف گرد وغبار کے باعث شہریوں، بچوں، بزرگوں اور دکانداروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔اس کے علاوہ پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی نے مکینوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر بی ایس ڈی آئی اسکیمات کے ثمرات صرف وڈیروں اور بااثر افراد تک محدود ہیں تو پھر عام شہریوں کو کسی بہتری کی امید نہیں رکھنی چاہیے، لیکن اگر ان ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے تو کوہلو ٹان کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی کو بھی ترجیحی بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں میں شامل کیا جائے۔مکینوں نے متعلقہ حکام، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعمیرات و مواصلات سے مطالبہ کیا ہے کہ نیوکلی کی خستہ حال سڑکوں کی تعمیر و مرمت، صاف پینے کے پانی کی فراہمی اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام شہریوں تک بھی پہنچ سکیں۔

18

سربراہی میں محکمہ کی ٹیم انسدادِ منشیات مہم میں سرگرم عمل ہے۔

19

سندھی ٹوپی، اجرک، شیلڈ اور پھولوں کے ہار پیش کر کے پرتپاک استقبال کیا گیا، جبکہ انہوں نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف حاصل کیا اور کھیل کے آغاز کے موقع پر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اس موقع پر مہمان خصوصی ملک محمد رضوان الحق ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہمیں اپنے بچوں اور نوجوانوں کا بہتر مستقبل بنانا ہے تو انہیں منفی سرگرمیوں سے دور کر کے کھیلوں کے میدانوں میں لانا ہوگا، کیونکہ یہی بچے اور نوجوان ہمارے ملک کا آنے والا مستقبل ہیں۔انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم وضبط، برداشت، بھائی چارے، اتحاد اور مثبت سوچ کو فروغ دیتے ہیں۔

20

خشک سالی کے باعث پہاڑی جنگلی حیات کے قدرتی مسکن میں پانی کے چشمے خشک ہونے لگے ہیں جس کے نتیجے میں ایک نر سندھ آئی بیکس پیاس بجھانے کے لیے پہاڑوں سے نیچے اتر کر انگاڑا ڈیم کے اندرونی حدود میں آ گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق انگاڑا ڈیم کے اندر ایک نایاب سندھ آئی بیکس دیکھا گیا ہے جس کی ویڈیو بھی منظر عام پر آ گئی ہے۔اس صورتحال پر ماہر جنگلی حیات اور ماحولیاتی صحافی محمود سگار نے اپنا تجزیہ و موقف پیش کرتے ہوئے بتایا کہ موسمیاتی تبدیلی اور بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے پہاڑی علاقوں میں موجود قدرتی چشمے اور برساتی نالوں کے جوہڑ خشک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی مسکن میں پانی کی شدید قلت کے باعث یہ جنگلی جانور مجبوراً بلندی سے نیچے اتر کر ڈیموں کا رخ کر رہے ہیں۔محمود سگار نے مزید کہا کہ کھلے اور نچلے علاقوں میں اترنے سے ان نایاب جانوروں کو غیر قانونی شکار اور شکاریوں سے شدید خطرات لاحق ہو جاتے ہیں اس لیے خشک سالی کے اس دور میں پہاڑی سلسلوں میں جنگلی حیات کے لیے مصنوعی تالاب بنانا ناگزیر ہو چکا ہے تاکہ یہ جانور اپنے محفوظ قدرتی مسکن سے باہر نکلنے پر مجبور نہ ہوں۔ دوسری جانب ماہر جنگلی حیات محمود سگار نے اس معاملے پر محکمہ جنگلی حیات بلوچستان کے اعلی حکام سے بھی رابطہ کیا ہے اور انہیں صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ انگاڑا ڈیم اور اس کے اطراف میں نگرانی کا نظام سخت کیا جائے۔

21

جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے نمایاں کردار ادا کیا، ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔صدرِ مملکت نجمین نقی کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے سینئر صحافی، انسانی حقوق کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اتوار کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے حسین نقی کی صحافت، آزادی اظہار اور انسانی حقوق کے لیبتو یل خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حسین نقی نے صحافت اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے نمایاں کردار ادا کیا، ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔صدرِ مملکت نجمین نقی کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔

22

ہے۔ایرانی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور تیل سے متعلق پابندیوں کو اٹھایا جانا، امریکہ کے ساتھ جنگ کے خاتمے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے جاری مذاکرات میں تہران کے اہم مطالبات میں شامل ہیں۔

23

فلانگ فشریز عبدالرشید، میڈم ڈاکٹر فرخندہ اورنگ زیب، ایمپلائز فیڈریشن کے رہنما فرزند فیصل رند ،اور دیگر رہنماں نے خصوصی طور پر شرکت کی۔پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن (PUWF) بلوچستان کے زیر اہتمام 21 نومبر عالمی یوم ماہی گیری کے موقع پر کوئٹہ، گوادر اور اورماڑہ میں تقریبات اور سیمینارز منعقد کیے گئے۔ کوئٹہ میں منعقدہ سیمینار میں ماہی گیروں کے معاشی وسماجی تحفظ، بنیادی حقوق، روزگار کے مسائل اور فلاح و بہبود کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔سیمینار کے مہمانِ خصوصی سیکریٹری فشریز و کوسٹل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حکومتِ بلوچستان طارق قمر تھے۔انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت بلوچستان نے ماہی گیروں کو باقاعدہ ورکرز کے دائرے میں لانے کے لیے اقدامات کیے ہیں اور ان کی بہتری کے لیے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے۔حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ فشریز کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے اور اس صنعت کو ترقی دے کر ماہی گیروں کے لیے بہتر مواقع پیدا کیے جائیں۔ سیمینار سے ڈی جی لیبر رہنما بشیر شاہوانی، کمشنر کمپنسیشن مشتاق جعفر، ڈائریکٹر ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان الیاس جعفر، پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے صدر علی بخش جمالی، جنرل سیکریٹری پیر محمد کاکڑ، نیشنل پارٹی کے لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ، سنگت اکیڈمی کے عابدہ رحمان، لیبر لیڈران آغا سلطان شاہ، کامریڈ نذر مینگل، جلیل رند اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ جبکہ سیمنار میں نیشنل پارٹی جنرل سیکرٹری چنگیز حسنی ایڈووکیٹ، ڈائریکٹر فشریز ٹکنیکل ڈاکٹر علاالدین ،ڈائریکٹر فلانگ فشریز عبد الرشید، میڈم ڈاکٹر فرخندہ اورنگ زیب، ایمپلائز فیڈریشن کے رہنما فرزند فیصل رند، اور دیگر رہنماں نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

24

جی لسبیلہ عبدالقیوم پتافی نے اگلے عہدے پر ترقی دیکر خوش آئیند اور حوصلہ افزا اقدام کیا ہے افسران بالا کے اس اقدام سے نہ صرف ترقی پانے والے ہیڈ کانسٹیبل عظیم اللہ محمد حسنی بلوچ بلکہ افسران وملازمین کا بھی حوصلہ بڑے گا۔ڈی آئی جی لسبیلہ رینج بلوچستان کے نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع لسبیلہ کی تحصیل بیلہ سے تعلق رکھنے والے ہیڈ کانسٹیبل عظیم اللہ محمد حسنی بلوچ کو محکمہ پولیس میں بہترین کارکردگی، دیانت داری اور فرض شناسی کے اعتراف میں ہیڈ کانسٹیبل کو ترقی دیکر گریڈ 11 میں (ASI) بنا دیا گیا ہے۔یہ ترقی ان کی مسلسل محنت، ایمانداری، لگن اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے وابستگی کا اعتراف ہے۔عظیم اللہ محمد حسنی بلوچ نے ہمیشہ فرض شناسی اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیے موصوف نے بطور ہیڈ کانسٹیبل ضلع لسبیلہ اور ضلع حب میں اپنی محکمانہ خدمات انجام دی ہیں ڈی جی خان چیک پوسٹ نمی چیک پوسٹ اور زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ پر منشیات سمیت نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور دیگر جرائم کے خلاف ریکارڈ کارروائیاں کیں عظیم اللہ محمد حسنی بلوچ نے پولیس نمی چیک پوسٹ زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ اور ڈی جی خان چیک پوسٹ پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات سمیت دیگر جرائم کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاکر محکمہ پولیس کا موراں بلند کیا موصوف کے وسع تجربے کی بدولت جرائم پیش عناصر کا گھیرا ہمیشہ تنگ رہا قومی آر سی ڈی شاہراہ پر جرائم کی شرح بھی کم رہی جس کے باعث بلوچستان بھر میں لسبیلہ پولیس کی کارکردگی ہمیشہ بہتر رہی ہیڈ کانسٹیبل عظیم اللہ محمد حسنی کی اس عمدہ محکمانہ کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈی آئی جی لسبیلہ عبدالقیوم پتافی نے اگلے عہدے پر ترقی دیکر خوش آئیند اور حوصلہ افزا اقدام کیا ہے افسران بالا کے اس اقدام سے نہ صرف ترقی پانے والے ہیڈ کانسٹیبل عظیم اللہ محمد حسنی بلوچ بلکہ افسران وملازمین کا بھی حوصلہ بڑے گا۔

25

ہوئے دم توڑ گئے۔حادثے کے نتیجے میں زخمیوں میں تین بچے بھی شامل ہیں۔پولیس نے حادثے کے بعد ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا، گرفتار ڈرائیور نے بتایا کہ بریک فیل ہونے کی وجہ سے حادثہ پیش آیا تھا پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں۔

26

مشکلات اور محدود مواقع کے باعث شدید پریشانی کا شکار ہیں، ایسے میں روزگار کی امید لے کر آنے والے نوجوانوں کو انٹرویوز کے نام پر ذلیل کرنا اور پولیس کے ذریعے تشدد کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک، غیر انسانی اور قابل مذمت عمل ہے۔ نوجوان کسی رعایت یا احسان کے طلبگار نہیں بلکہ اپنے حق، قابلیت اور تعلیم کی بنیاد پر روزگار کے مواقع چاہتے ہیں۔سید صادق آغا نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ہزاروں نوکریاں دینے کے اعلانات اگر عملی اقدامات میں تبدیل نہیں ہوتے تو ایسے دعوے عوام کے لیے محض طفل تسلی کے سوا کچھ نہیں۔ وفاقی حکومت کو چاہیے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع یقینی بنائے، بھرتیوں کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور باعزت بنائے اور نوجوانوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے ناروا سلوک کا فوری نوٹس لے۔انہوں نے کہا کہ پولیس کا کام شہریوں، خصوصاً نوجوانوں کے تحفظ اور امن وامان کو یقینی بنانا ہے، نہ کہ روزگار کے حصول کے لیے آنے والے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو تشدد اور تذلیل کا نشانہ بنانا۔ ایسے واقعات نوجوانوں میں مایوسی، محرومی اور بے اعتمادی کو مزید بڑھاتے ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ نوجوانوں پر تشدد کے واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور بلوچستان کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ان کے حق کے مطابق روزگار اور عزت واحترام فراہم کیا جائے۔

27

خیز مواد چھپا رکھا تھا، مکان کی کھدائی کے دوران اینٹی ایئر کرافٹ گن، ہیوی مشین گن اور آر پی جی سیون سمیت بھاری ہتھیار برآمد ہوئے ہیں۔برآمد سامان میں آر پی جی سیون راکٹز، کواڈ کاپٹر ڈراپ کٹس، یو بی جی ایل راکٹز اور ڈیٹونیٹنگ کورڈز بھی شامل ہیں۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق رہائشی آبادی میں بارودی مواد چھپانا دہشت گردوں کی خطرناک روش ہے جو معصوم شہ

وزیراعظم کا فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے بنوں اور میرانشاہ کے علاقے شمن میں فتنہ الخوارج کے خلاف حالیہ کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی عزم اور حوصلے کی عکاس ہیں۔ اتوار کو وزیراعظم آفس اور میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور فیصلہ کن کارروائی نے دہشت گردی کے ایک بڑے خطرے کو ناکام بنا دیا ہے عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قابلِ تحسین ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی

ایران تنازع کے باعث معاشی مشکلات بڑھ گئیں، ترکیہ مستقبل میں اسکے اثرات انتہائی تباہ کن ہو سکتے ہیں، ترک وزیرخارجہ

انقرہ (بی این ایم) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ کے باعث عالمی معیشت پر دباؤ بڑھتا جا رہا ہے جبکہ بنکنگ بندی اور انسانی معاونت عالمی مالیاتی نظام کے اثرات کم کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ ترک نشریاتی ادارے کے انٹرویو دیتے ہوئے حاقان فیدان نے خبردار کیا کہ ایران جنگ کے منفی اثرات عالمی منڈیوں کو متاثر کر رہے ہیں اور تنازع کا حل نہ نکلنے کی صورت میں متعدد ممالک کے لیے معاشی مشکلات مزید بڑھ سکتی ہیں۔ ترک وزیرخارجہ کا کہنا تھا کہ اس جنگ اور تنازع کے حل میں تاخیر سے پیدا ہونے والا معاشی بوجھ ہر گزرتے دن کے ساتھ کئی ممالک کے لیے ناقابل برداشت ہوتا جا رہا ہے اور اس کے اثرات انتہائی تباہ کن ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ فریقین کے درمیان معاہدہ کامیاب ہو گا اور کہا کہ ترکیہ جس اقتصاد کے لیے انتہائی ضروری ہے، ترک نشریاتی ادارے کے انٹرویو دیتے ہوئے حاقان فیدان نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور فیصلہ کن کارروائی نے دہشت گردی کے ایک بڑے خطرے کو ناکام بنا دیا ہے عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قابلِ تحسین ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز

اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کا اجلاس 23 نومبر کو ہوگا

کوئٹہ (بی این ایم) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان کی کابینہ کا ایک اہم اجلاس مورخہ 23 نومبر، روز سوموار، دن 12 بجے اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے دفتر میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ریجنل اسٹاندرڈ کرام کے پیش واجبات کی فوری ادائیگی کے مطالبے کے سلسلے میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے کی تیاریوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ جامعہ بلوچستان کے دیگر اساتذہ کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات پر بھی تفصیلی غور و خوض کیا جائے گا۔ کابینہ کے تمام ممبران سے گزارش ہے کہ

نئے صوبوں پر اعتراض نہیں، آئینی طریقہ کار اختیار کیا جائے، نیئر بخاری

وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر معاملہ پارلیمان میں لائیں

اسلام آباد (بی این ایم) سینیٹر نیئر بخاری جنرل (ریٹائرڈ) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز بلوچستان کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں پر اعتراض نہیں، آئینی طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپنی پوزیشن واضح کریں، پیپلز پارٹی ہے۔ سینیٹر بخاری جنرل (ریٹائرڈ) پارٹی پارلیمنٹیرینز کا کہنا ہے کہ اصل مسئلہ زرداری کا کردار ہے، صدر اور وزیراعظم کی ملاقاتیں خوش آئند ہیں، پیپلز پارٹی آئین سے انحراف کے کسی اقدام کو برداشت نہیں کرے گی، وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر نئے صوبوں کا معاملہ پارلیمان میں لائیں۔ نیئر بخاری نے کہا کہ بلاول بھٹو کا موقف واضح ہے، پیپلز پارٹی کی پالیسی آئین کی بالادستی ہے، نئے صوبوں یا ریفرنڈم کا فیصلہ پارلیمان کا آئینی اختیار ہے، کسی سوشین حکومت نے ریفرنڈم نہیں کرایا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم ہتھیں آئینی راستہ اختیار کرنا ہے یا بلدار ائے آئین راستہ؟ وزراء کے متضاد بیانات سے قوم کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے، بلاول بھٹو کے پارلیمانی پالیسی بیان کی، وفاقی وزیر دانیا کا سیاسی حق ہے۔ سینیٹر جنرل (ریٹائرڈ) پارٹی پارلیمنٹیرینز کا کہنا ہے کہ اصل طاقت اعتماد میں لے کر قبول نہیں کرے گی، وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر نئے صوبوں کا معاملہ پارلیمان میں لائیں، نیئر بخاری نے کہا کہ بلاول بھٹو کا موقف واضح ہے، پیپلز پارٹی کسی آئین کے انحراف کے اقدام کو برداشت نہیں کرے گی، وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر معاملہ پارلیمان میں لائیں، نئے صوبوں یا ریفرنڈم کا فیصلہ پارلیمان کا آئینی اختیار ہے، کسی سوشین حکومت نے ریفرنڈم نہیں کرایا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم ہتھیں آئینی راستہ اختیار کرنا ہے یا بلدار ائے آئین راستہ؟ وزراء کے متضاد بیانات سے قوم کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے، بلاول بھٹو کے پارلیمانی پالیسی بیان کی، وفاقی وزیر دانیا کا سیاسی حق ہے۔ سینیٹر جنرل (ریٹائرڈ) پارٹی پارلیمنٹیرینز کا کہنا ہے کہ اصل طاقت اعتماد میں لے کر قبول نہیں کرے گی، وزیراعظم کابینہ کو اعتماد میں لے کر نئے صوبوں کا معاملہ پارلیمان میں لائیں، نیئر بخاری نے کہا کہ بلاول بھٹو کا موقف واضح ہے، پیپلز پارٹی کسی آئین کے انحراف کے اقدام کو برداشت

01

ڈھڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے اسے فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوگئے۔ دریں اثنا ایک اور واقعے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک ٹرک کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق دونوں گاڑیاں تفتان سے دالبندین کی جانب بغیر کسی سکیورٹی کے روانہ کے سفر کر رہی تھیں، جبکہ واقعات کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے اور مقامی انتظامیہ مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

02

عدالتوں میں پیش کر کے دفاع کا مکمل حق دیا جائے۔ ارکان قومی اسمبلی نے کہا عمران خان کو فوری طور پر ذاتی معالج، اہل خانہ اور وکلا سے ملاقات کی اجازت دی جائے۔ ارکان نے علیمہ خان کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کی مذمت کی اور فوری رہائی کا مطالبہ کیا، اور بشریٰ بی بی کی رہائی اور انصاف کے تقاضے پورے کرنے پر زور دیا۔ ارکان نے کہا پاکستان تحریک انصاف کے گرفتار رہنماں اور سیاسی انتقامی کارروائیاں بند کی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ منتخب نمائندوں اور سیاسی کارکنوں کو غیر قانونی طور پر غائب کرنا جمہوری اقدار کی توہین ہے۔ ارکان نے خیبر پختونخوا میں سیاسی کارکنوں کے گھروں پر چھاپوں اور تھری ایم پی او کے تحت گرفتاریوں کی مذمت کی، اور کہا چادر و چاردیواری کا تقدس پامال کرنا اور سیاسی کارکنوں کو ہراساں کرنا آئین کی خلاف ورزی ہے۔ انھوں نے کہا تیمور سلیم جھگڑا، کامران بنگش اور عرفان سلیم کی گرفتاری عدالتی احکامات اور قانون کی حکمرانی پر سوالیہ نشان ہے، انھیں فوری عدالت میں پیش کر کے رہا کیا جائے۔ پی ٹی آئی اجلاس میں دہشت گردی کو جواز بنا کر خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ مسترد کیا گیا، اور کہا گیا کہ صوبے میں دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی تھی۔ اجلاس میں نیشنل ایکشن پلان پر موثر عمل درآمد اور صوبائی حکومت وسیاسی جماعتوں کی منظور کردہ قرارداد پر عمل کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ تحریک انصاف نے بلاول بھٹو زرداری کی عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دینے اور مخصوص نشستوں پر پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ ارا کین کا کہنا تھا کہ بلاول نیک نیتی ثابت کرتے ہوئے گورنر راج کے خاتمے کے لئے کردار ادا کریں اور گورنر راج اور ایمرجنسی کی توسیع کے حق میں قومی اسمبلی میں ووٹ نہ دیں۔ پی ٹی آئی ارکان نے کہا گورنر راج اور ایمرجنسی سے صوبے کے سیاسی، معاشی اور انتظامی مسائل مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں، ارکان نے خیبر پختونخوا کے مالی حقوق کی ادائیگی میں تاخیر اور وسائل میں کٹوتیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ ارکان نے کہا وفاق نے خیبر پختونخوا کے لیے 160 ارب روپے کا وعدہ پورا کرنے کی بہ جائے 157 ارب روپے کی کٹوتی کر لی، صوبے کو آئینی اور مالی حقوق سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ ارکان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان اور دیگر سیاسی رہنماؤں کی سکیورٹی یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ارکان نے آئین وقانون کی بالا دستی، سیاسی آزادیوں، صوبے کے مالی حقوق اور عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کا عزم کیا۔

03

ایک شہری صنعتی تنصیب متاثر ہوئی جہاں آگ لگ گئی۔ واقعے میں کسی شخص کے زخمی یا جاں بحق ہونے کی اطلاع نہیں ملی جبکہ شہری دفاع کی ٹیمیں آگ پر قابو پانے کے لیے کارروائی میں مصروف رہیں۔ بحرین کی وزارت داخلہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں بتایا کہ ایرانی حملے کے بعد صنعتی تنصیب میں آگ بھڑک اٹھی ہے تاہم وزارت نے متاثرہ مقام اور صنعتی تنصیب کی نوعیت سے متعلق تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ اس سے قبل بحرین کی وزارت داخلہ نے ممکنہ خطرے کے پیش نظر شہریوں کو قریبی محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت جاری کی تھی۔ ابتدائی الرٹ میں خطرے کی نوعیت واضح نہیں کی گئی تھی۔ بعد ازاں وزارت داخلہ نے خطرہ ٹلنے کا اعلان کرتے ہوئے الرٹ ختم کر دیا تاہم کچھ دیر بعد ایک اور حفاظتی انتباہ جاری کیا گیا۔ بحرین کی دفاعی فورس کے مطابق ملک کے فضائی دفاعی نظام نے ایران کی جانب سے کیے گئے متعدد فضائی حملوں کو فضا میں ہی ناکام بنا دیا ہے۔ دفاعی فورس کا کہنا تھا کہ حملوں کو ناکام بنانے کے دوران گرنے والے ملبے سے املاک کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ بحرینی دفاعی فورس نے تہران پر الزام عائد کیا کہ وہ مملکت کے خلاف اپنے منظم دشمنانہ طرز عمل کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ دوسری جانب ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی ایروا سپیس فورسز نے بحرین میں امریکی فوجی تنصیبات کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے ذریعے جاری بیان میں پاسداران انقلاب نے بتایا کہ الرفاع اور عوالی کے فوجی اڈوں پر مشترکہ میزائل اور ڈرون حملے کیے گئے۔ بیان کے مطابق یہ کارروائی ایران کے خلاف جاری جارحیت اور اس کی فضائی حدود کی بار بار خلاف ورزیوں کے جواب میں کی گئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے انٹرویوز کا شیڈول کے مطابق 22 نومبر 2026 ضلع خضدار کے نوجوانوں کے انٹرویو ٹیسٹ منعقد ہو رہے ہیں جبکہ 23 نومبر کو جب اور وڈھ- 24 نومبر کو ضلع لسبیلہ 25- نومبر کو ضلع آواران کے امیدواروں کے ٹیسٹ انٹرویوز ہونگے ضلعی انتظامیہ حب کے مطابق بھرتیوں کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ امیدواروں کو یکساں مواقع اور سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔

11

کے مطابق آج ضلع خضدار سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے انٹرویوز لیے جا رہے ہیں، جبکہ تمام انٹرویو پینلز فعال ہیں اور امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل تسلی بخش منظم انداز میں جاری ہے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور وزیر اعلی بلوچستان سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی خصوصی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے امیدواروں اور انٹرویو پینلز کی سہولت کے لیے جامع انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں تمام پینلز کو ضروری فرنیچر، نشستوں، لیپ ٹاپس، معاون عملے اور کلریکل اسٹاف سمیت دیگر سہولیات فراہم کی گئی ہیں تاکہ انٹرویوز کا عمل بلا تعطل جاری رکھا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر حب خود انٹرویو کے عمل کی نگرانی اور مانیٹرنگ کر رہے ہیں تاکہ بھرتیوں کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ اور انتظامی نظم و ضبط کو یقینی بنایا جا سکے۔ امیدواروں اور انٹرویو ٹیموں کی حفاظت کے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حب ریجن میں امیدواروں کے انٹرویوز کا شیڈول کے مطابق 22 نومبر 2026 ضلع خضدار کے نوجوانوں کے انٹرویوز کا عمل بلات

سہیل آفریدی، بابر سلیم سواتی، جنید اکبر سمیت گرفتار رہنماؤں کو منظر عام پر لانے کا مطالبہ

بانی پی ٹی آئی کو جیل مینوئل کے مطابق سہولیات فراہم کی جائیں، تیمور سلیم جھگڑا، کامران بنگش اور عرفان سلیم کی گرفتاری عدالتی احکامات اور قانون کی حکمرانی پر سوالیہ نشان ہے

انھیں فوری عدالت میں پیش کر کے رہا کیا جائے، بلاول گورنر راج، ایمرجنسی کی توسیع کے حق میں قومی اسمبلی میں ووٹ نہ دیں، پی ٹی آئی صوبائی اراکین اسمبلی کا مطالبہ

اسلام آباد (آئی این پی) تحریک انصاف کے خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے اراکین قومی اسمبلی نے بانی پی ٹی آئی کو جیل مینوئل کے مطابق سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے جبکہ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کی عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دینے اور مخصوص نشستوں پر پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ پی ٹی آئی کا ملکی سیاسی صورت حال سے متعلق اہم ترین اجلاس منعقد ہوا جس میں بلاول بھٹو کے حالیہ بیانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اراکین نے بلاول بھٹو سے اپنے بیانات پر عملی مظاہرہ کرنے کا مطالبہ کیا۔ رپورٹ کے مطابق اجلاس میں ارکان نے سہیل آفریدی، بابر سلیم سواتی اور جنیدا کبر سمیت گرفتار رہنماؤں کو منظر عام پر لانے کا مطالبہ کیا، اور کہا گرفتار منتخب نمائندوں کو متعلقہ

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7 پر)



ضلع چمن میں تعلیمی اصلاحات اور سرکاری اداروں کی مؤثر نگرانی؛ معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اقدامات اور غفلت کے خلاف محکمانہ احتساب کا عزم

کوئٹہ پریس کلب میں مولانا فضل الرحمان کے خلاف کی گئی پریس کانفرنس کی شدید مذمت

مولانا فضل الرحمان کو کمزور کرنے کی کوششیں دراصل دینی مدارس پر ہاتھ ڈالنے کی سازش ہے جسے کامیاب نہیں ہونے دیں گے

نوشکی (یو این اے) جمعیت علما اسلام نوشکی کے ضلعی امیر مولانا شیخ غلام نبی حاجی منظور احمد مینگل قاری محمد طیب جان مولانا احمد شاہ کلانی مولانا غلام حیدر مولانا ملک محمد حافظ عبداللہ گورگیج مولوی عبدالصمد مینگل مولانا محمد ابرہیم گورگیج مولانا کفایت اللہ مولوی زکریا عادل مولوی عبدالغفور بڑیچ حاجی عبدالطیف گورگیج نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا مقتدر قوتوں کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کے خلاف کچھ ایسے مولویوں سے پریس کانفرنس کروایا جارہا ہے جن معاشرے میں کوئی حیثیت نہیں ہے کل کو ہٹ پریس کلب میں ان مولویوں سے کام لیا گیا جن کا نہ کوئی مدرسہ ہے اور نہ ہی وہ مولوی لگ رہے تھے اور کچھ وہ مولوی تھے جن کی پارٹی کی وجود اسٹبلشمنٹ کے مرھون منت ھیں یقیناً وقتاً فوقتاً اسٹبلشمنٹ اپنے اہلکاروں کو مولانا فضل الرحمان کے خلاف استعمال کرتے رہینگے انھوں نے کہا کہ سیاسی طور پر مولانا فضل الرحمان کو کمزور کرنے کی کوششیں دراصل دینی

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7 پر)

ہمارے صوبوں کا قیام ملک کی ترقی اور سلامتی کیلئے ناگزیر ہے، مصطفیٰ کمال

وزیراعظم چاہیں تو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلا کر ریفرنڈم کی منظوری بھی لے سکتے ہیں، آصف علی زرداری سمجھدار ہیں اور جانتے ہیں کہ ہر چیز کا ایک وقت ہوتا ہے

اگر صوبوں کی گفتگو آفیشل نہ ہوتی تو اب تک اسے کوئی نہ کوئی رکوا دیتا، اب کوئی پارٹی نہیں بلکہ ریاست بچانے کا وقت آ گیا ہے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ملک کی ترقی اور سلامتی کیلئے ناگزیر ہے۔ ایم کیو ایم رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کوئی کچھ بھی کر لے وہ نئے صوبوں کی تحریک سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے اور اگر کراچی کو وفاق کا حصہ بنانے کی بات ہوگی تو وہ اس کی بھی بھرپور حمایت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دسمبر اہم مہینہ ہے، جو ہونا ہے اگلے بجٹ سے پہلے ہونا ہے، نئے صوبے ہماری نسلوں کی بقا کا معاملہ اور ہماری لائف لائن ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اگر صوبوں کی گفتگو آفیشل نہ ہوتی تو اب تک اسے کوئی نہ کوئی رکوا دیتا، اب کوئی پارٹی نہیں بلکہ ریاست بچانے کا وقت آ گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کو بھی مشورہ ہیکہ وہ بغیر کسی شرط کے نئے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 7 پر)

دالبندین، مال بردار گاڑی پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈرائیور جاں بحق اور تین افراد زخمی

مسلح افراد نے ایک اور واقعے میں ٹرک کو نذر آتش کر دیا ہے، سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دی

دالبندین (یو این اے) چاغی کے علاقے ڈھدر میں پاک ایران شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے تفتان سے دالبندین آنے والی مال بردار بس پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور موقع پر جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس انتظامیہ کے مطابق مال بردار بس میں چار افراد سوار تھے اور گاڑی تفتان سے دالبندین کی جانب آ رہی تھی کہ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7 پر)

ایران کا بحرین پر دوبارہ حملہ، صنعتی تنصیب میں آگ بھڑک اٹھی

الرفاع اور عوالی کے امریکی فوجی اڈوں پر مشترکہ میزائل اور ڈرون حملے کیے گئے، پاسداران انقلاب

تہران، منامہ، مسقط (جی این ایم) ایران نے بحرین کو دوبارہ حملوں کا نشانہ بنایا ہے جس کے نتیجے میں ایک شہری صنعتی تنصیب میں آگ لگ گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ پاسداران انقلاب نے امریکی فوجی اڈوں الرفاع اور عوالی کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ بحرین کی وزارت داخلہ کے مطابق ایرانی حملے کے نتیجے میں

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 7 پر)

شاہد رند کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہارِ افسوس، صحافت کا بڑا نقصان قرار

حسین نقی نے آزادی اظہار اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے زندگی وقف کی، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے سینئر صحافی اور جمہوری اقدار کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں شاہد رند نے کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت ایک تجربہ کار، بااصول اور مدبر صحافی سے محروم ہوگئی ہے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی آزادی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد زخمی، دو ملزمان گرفتار

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد ڈسپٹل ٹیریٹری پولیس نے نیلور اور کھنہ پل کے درمیان شہزاد ٹان تھانے کی حدود میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 8 افراد کو زخمی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ آئی سی ٹی پولیس اہلکار نے اتوار کو میڈیا کو بتایا کہ ایس ایچ او شہزاد ٹاون نے پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر تیز رفتاری اور غفلت و

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7 پر)

ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.7 ریکارڈ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.7 اور گہرائی 82 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ژوب میں زلزلے کے جھٹکے آج صبح 8 بج کر 48 منٹ پر محسوس کیے گئے۔ متاثرہ علاقوں میں لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7 پر)



سنجاوی، صوبائی وزیر نور محمد خان دومڑ سے ڈی آئی جی لورالائی ریجن جنید احمد شیخ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

سردیوں میں گیس کی مسلسل فراہمی یقینی بنائی جائے، مولانا نیاز محمد

شدید سردی میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ فوری ختم کی جائے، مولانا نیاز محمد

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی کوئٹہ کے امیر شیخ مولانا نیاز محمد، جنرل سیکریٹری مولانا آغا ابراہیم شاہ، مجلس عاملہ کے ارکان سید عبدالستار شاہ، مولانا خدائے نظر، مولانا قاری سردار محمد، مفتی عبدالرحمٰن، مولانا عبدالظاہر، مولانا باز محمد، مولانا علاالدین، حاجی نظام آغا، مفتی رحمت اللہ خلجی، حاجی حیات اللہ کاکڑ، مولانا ابراہیم، مولانا شرف الدین،

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7 پر)

گیس، بجلی اور پانی کے مسائل حل کرنے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے، صورت خان

پشتون دشمن اقدامات کے خلاف عوامی احتجاج کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری صورت خان کاکڑ نے کہا ہے فارم 47 کی حکومت کا گیس لوڈشیڈنگ، پریشر میں کمی، بجلی کی لوڈشیڈنگ، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور دیگر عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں۔ عوام کے مسائل، مہنگائی، بیروزگاری میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے، حکومتی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7 پر)

حب میں وفاقی محکموں کی آسامیوں پر امیدواروں کے انٹرویوز شروع، انتظامات مکمل

ڈپٹی کمشنر حب کی نگرانی میں بھرتیوں کا عمل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ جاری

حب (خ ن) وفاقی محکموں میں مختلف آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں امیدواروں کے انٹرویوز کا آغاز آج صبح 9 بجے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر (ٹی ٹی سی) حب میں ہوگیا۔ انٹرویوز کا عمل منظم ماحول میں جاری ہے، جس کے لیے ضلعی انتظامیہ حب کی جانب سے تمام تر انتظامات مکمل کیے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ ٹیسٹ انٹرویو شیڈول

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7 پر)

شاہراہوں پر حادثات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، رحمت صالح بلوچ

شاہراہوں پر حفاظتی انتظامات اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، نیشنل پارٹی

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے گوادر کے قریب بسول کے مقام پر مسافر بس اور گیس بازر کے درمیان پیش آنے والے المناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی شاہراہوں پر خوفناک حادثات میں

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7 پر)

غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کی جائے، یاسر اقبال

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر کیچ

تربت (اے این این) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ضلع کیچ میں محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی، سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکزِ صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی، ملازمین کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر وحید بلیدی، ڈائریکٹر پی پی ایچ آئی مکران مرتضیٰ بلوچ، ڈرگ انسپکٹر اکرم بلوچ، خزانہ آفیسر صدام بلوچ سمیت متعلقہ محکموں کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے ضلع بھر میں محکمہ صحت کی کارکردگی، مختلف مراکز صحت میں طبی سہولیات کی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7 پر)



کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور مفتی محمد احمد جامعہ مظہر العلوم شالدرہ کے سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

مخصوص طبقہ ملک پر مسلط، ان سے جان چھڑانی ہوگی، حافظ نعیم الرحمان

مارشل لا، ہائبرڈ نظام، نام نہاد جمہوریت ہو تو یہی لوگ اقتدار میں ہوتے ہیں کراچی میں اکثریت جماعت اسلامی کو ملی اور پھر کس نے میئر کو قابض کیا

حکومت کی پالیسی کی وجہ سے ملک میں مایوسی ہے، بلوچستان کا اصل خزانہ یہاں کے نوجوان ہیں، بلوچستان کے لوگوں کو گیس فراہم نہیں کی جا رہی ہے

کوئٹہ (اے این این) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ مخصوص طبقہ ملک پر مسلط ہے، ان سے جان چھڑانی ہوگی۔ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا تھا کہ مارشل لا، ہائبرڈ نظام، نام نہاد جمہوریت ہو تو یہی لوگ اقتدار میں ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں اکثریت جماعت اسلامی کو ملی اور پھر کس نے میئر کو قابض کیا، قابض، ڈاکو، کرپٹ، معدنیات کا کاروبار کرنے والے لوگ ہی آپ کو کیوں پسند ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ماضی میں بلوچستان کے عوام کو دل سمیت پیچیدہ بیماریوں کے علاج کے لیے کراچی، لاہور اور دیگر بڑے شہروں کا سفر کرنا پڑتا تھا، تاہم صوبے میں جدید طبی اداروں کے قیام اور دل کے امراض کے علاج کی

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7 پر)

لسبیلہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات اور عملے کی حاضری کا جائزہ

ادویات کی عدم دستیابی اور عملے کی غیر حاضری برداشت نہیں ہوگی، اے ڈی سی

لسبیلہ (اے این این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری اسپتالوں، بنیادی مراکز صحت اور دیہی ہیلتھ سینٹرز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل، ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور ہسپتالوں

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

الائیڈ پروفیشنل ہیلتھ ایسوسی ایشن پنجگور کی نو منتخب کابینہ نے ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر عبدالغفار سے ملاقات

پیرامیڈیکس اسٹاف کے تمام جائز مسائل کے حل اور ہسپتال کے نظام کی بہتری کے لیے مثبت اقدامات کیے جائیں گے، ڈاکٹر عبدالغفار

پنجگور (یو این اے) پنجگور الائیڈ پروفیشنل ہیلتھ ایسوسی ایشن ضلع پنجگور کی نو منتخب کابینہ نے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالغفار سے ایک اہم تعارفی اور خیر سگالی ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد باہمی تعارف، پیشہ ورانہ روابط کو مضبوط بنانا اور پیرامیڈیکس اسٹاف کو درپیش مسائل و مشکلات سے ہسپتال انتظامیہ کو آگاہ کرنا تھا

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاک ایران قومی شاہراہ پر مل کے مقام پر ویگن حادثے کا شکار، ایک شخص جاں بحق اور چھ زخمی

نوشکی (یو این اے) پاک ایران قومی شاہراہ این چالیس پر مل کے مقام پر خاران جانے والی ویگن ٹریفک حادثے کا شکار ہوگئی۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ چھ افراد زخمی ہوگئے۔ پاک ایران قومی شاہراہ این چالیس پر مل کے مقام پر خاران جانے والی ویگن ٹریفک حادثے کا شکار ہوگئی۔ ہسپتال

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 7 پر)



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ تھیلیسیمیا سینٹر کے دورے کے موقع پر تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

جعفر آباد میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج

ایس ایچ او نے مجھے بلا جواز گرفتار کر کے حبس بیجا میں رکھا اور دو لاکھ روپے چھین لیے، مدعی مقدمہ کا موقف سامنے آ گیا

جعفر آباد (یو این اے) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے حکم پر ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈیرہ اللہ یار کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمہ مدعی رب نواز بھنگر کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں ایس ایچ او امراد بھنگر اور گن مین حنیف بھنگر کو نامزد کیا گیا ہے جبکہ مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعات چونتیس، ایک سو چھیاسٹھ اور تین سو بیالیس لگائی گئی

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 7 پر)

پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالو ریتجل کی پاکستان آمد

اسلام آباد (جی این ایم) پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ پالو ریتجل پاکستان پہنچ گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری یورپ عائشہ علی نے پرتگال کے وزیر مملکت اور وزیر خارجہ کا استقبال کیا۔ تگال کے وزیر خارجہ، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے ساتھ وفود کی سطح پر مذاکرات کریں گے، پاکستانی قیادت سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق پرتگالی وزیر خارجہ پاکستان-پرتگال بزنس فورم کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کیلئے ایک کاروباری وفد کے ہمراہ پاکستان آئے ہیں۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر پرتگال کے وزیر مملکت و وزیر خارجہ پالو ریتجل پاکستان کا دورہ کر رہے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

گوادر کے نوجوانوں کو صنعتی شعبے کی ضروریات کے مطابق تربیت دینے پر زور

فنی تربیت کو مارکیٹ کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، محمد ہاشم بزنجو

گوادر (اے این این) گوادر انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے جنرل منیجر محمد ہاشم بزنجو نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے دفتر گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر زبیر ہوت سے ملاقات کی۔ ملاقات میں RISE پروگرام، جاری فنی و پیشہ ورانہ تربیتی سرگرمیوں، نوجوانوں کی استعداد کار میں

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

درگاہ چشموی شریف شکار پور میں عید میلاد النبیؐ اور سالانہ عرس مبارک عقیدت و احترام سے منایا گیا

سندھ، بلوچستان سمیت ملک بھر سے ہزاروں عقیدت مندوں کی شرکت، علمائے کرام کے سیرت النبیؐ پر خطابات

جیکب آباد (عبدالقیوم جکھرانی) درگاہ عالیہ چشموی شریف شکار پور میں ہر سال کی طرح اس سال بھی جلسہ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت آغا

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 7 پر)

چونیاں، فصل میں داخل ہونے والی بھینس کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں

قصور (جی این ایم) چونیاں میں انسانیت کو جھنجھوڑ دینے والا افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں مبینہ طور پر

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7 پر)

عمانی کمپنی پیٹرولیم مصنوعات کیلئے پی ایس او کو 200 ملین ڈالر کریڈٹ فراہم کریگی، معاہدہ طے

وزیر پٹرولیم کی مسقط میں عمان کے وزیر توانائی انجینئر سالم العوفی سے ملاقات، وزرا کی موجودگی میں معاہدہ طے پایا

دونوں وزراء نے مشترکہ ورکنگ گروپ کے ذریعے توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے پر اتفاق کیا

عمان (اے این این) پی ایس او اور عمان کی کمپنی او کیو ٹریڈنگ کے درمیان پیٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت کا معاہدہ طے پا گیا جس کے تحت عمانی کمپنی پی ایس او کو دو سو ملین ڈالر کا کریڈٹ فراہم کرے گی۔ اس حوالے سے وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی مسقط میں عمان کے وزیر توانائی و معدنیات انجینئر سالم العوفی سے ملاقات ہوئی جن کی موجودگی میں تقریب میں یہ معاہدہ طے پا گیا۔ عمان کی او کیو ٹریڈنگ پی ایس او کو پیٹرولیم مصنوعات کی خریداری کے لیے 2 سو ملین ڈالر کی کریڈٹ سہولت بھی فراہم کرے گی، معاہدے کے تحت پی ایس او کو پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کے لیے باقاعدہ تجارتی فریم ورک قائم ہوگا۔ معاہدہ پاکستان کی توانائی سکیورٹی اور پیٹرولیم درآمدات کے ذرائع میں تنوع کے لیے

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 7 پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان کا سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ اور صحافتی برادری سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حسین نقی کے انتقال سے صحافت ایک باصول، کہنہ مشق اور توانا آواز سے محروم ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں پبلک سروس ویہیکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم پوائنٹ کا افتتاح

کوئٹہ (جی این ایم) ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹریفک ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (این ایچ ایم پی) ویسٹ زون ڈاکٹر قریش خان نے خدمات کے نظام کو مزید موثر بنانے کے لئے کوئٹہ میں پبلک سروس وہیکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم (PSVMIS) پوائنٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب کے دوران ڈپٹی انسپکٹر جنرل نے پبلک سروس وہیکلز مینجمنٹ انفورمیشن سسٹم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس اقدام کا مقصد شہریوں اور مسافروں کو متعلقہ سہولیات کی فراہمی، خدمات کے نظام کو مزید موثر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے انتظامی امور میں بہتری لانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

پشتونوں، بلوچ اور سندھی اپنی سرزمین کی تقسیم قبول نہیں کریں گے: ایمل ولی خان

پشتونوں، بلوچوں اور دیگر اقوام کو متحد ہونا ہوگا، وطن کے دفاع کیلئے اتحاد ہماری تاریخ کا حصہ ہے

چمن (اے این این) سربراہ عوامی نیشنل پارٹی ایمل ولی خان کا کہنا ہے کہ پشتون، بلوچ اور سندھی اپنی سرزمین کی تقسیم قبول نہیں کریں گے، انہیں متحد ہونا ہوگا۔ چمن میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایمل ولی خان نے کہا کہ پشتونوں، بلوچوں اور دیگر اقوام کو متحد ہونا ہوگا، وطن کے دفاع کیلئے اتحاد ہماری تاریخ کا حصہ ہے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ سیاسی تذلیل کا سلسلہ بند کر کے مذاکرات کا راستہ اپنایا جائے، عوام صوبوں کی تقسیم نہیں چاہتے، عوام نے صوبوں کی تقسیم کا منصوبہ مسترد کر دیا۔ سربراہ عوامی نیشنل پارٹی ایمل ولی خان کا کہنا ہے کہ پشتون، بلوچ اور سندھی اپنی سرزمین کی تقسیم قبول نہیں کریں گے، انہیں متحد ہونا ہوگا۔ چمن میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایمل ولی خان نے کہا کہ پشتونوں، بلوچوں اور دیگر اقوام کو متحد ہونا ہوگا، وطن کے دفاع کیلئے اتحاد ہماری تاریخ کا حصہ ہے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ سیاسی تذلیل کا سلسلہ بند کر کے مذاکرات کا راستہ اپنایا جائے، عوام صوبوں کی تقسیم نہیں چاہتے، عوام نے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)



کراچی، آرٹس کونسل میں ورلڈ کلچر فیسٹیول کے موقع پر روسی فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کر رہے ہیں

پشتونوں کو ترقی، خوشحالی اور روزگار سے محروم رکھا جا رہا ہے، پی کے میپ

پشتونوں کے وسائل اور معدنیات پر قبضے کی کوششیں ہو رہی ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل سریاب کے صدر سید عبدالخالق آغا کی زیر صدارت تحصیل ایگزیکٹوز کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شرافت آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر، ضلع سینئر معاون سیکرٹری جمشید دوتانی، ضلع معاونین و ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں آبادی پر قابو پانے کے لیے سرکاری و نجی شعبے کا اشتراک بڑھانے کا فیصلہ

لیڈی ہیلتھ ورکرز گھر گھر خاندانی منصوبہ بندی کی آگاہی دے رہی ہیں، مقررین

کوئٹہ (اے این این) یو این ایف پی اے کے کنٹری ہیڈ ڈاکٹر فرید، محکمہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر پی ایم سی ٹی محمد ایوب خان، پی ڈبلیو ڈی کے ڈپٹی ڈائریکٹر ناصر، یو این ایف پی اے کی صوبائی سربرہ سعدیہ عطا، پی پی ایچ آئی کے ڈائریکٹر ہارون کاسی، ڈاکٹر امبرین مینگل، ڈی جی ہیلتھ کے نمائندے ڈاکٹر سرمد، پی ڈبلیو ڈی کے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینیٹر سردار عمر گورگیج سے پارٹی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ ثناء اللہ بنگ اور حاجی اختر بلوچ کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

سید یوسف رضا گیلانی کی مخدوم سید علی رضا گیلانی مرحوم کی رسم قل میں شرکت

ملتان (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے کزن مخدوم سید علی رضا گیلانی

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 7 پر)

آئی بی سی کا اسناد کی تصدیق کا آن لائن نظام شروع کرنے کا فیصلہ

اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت ختم ہو جائے گی

اسلام آباد (اے این این) آئی بی سی نے یکم جنوری 2027ء سے اسناد کی تصدیق کا آن لائن نظام شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت بھی ختم ہو جائے گی اور درخواست سے تصدیق شدہ تصدیق میں بڑی تبدیلی آئی ہے، آئی بی سی نے فیصلہ کیا ہیکہ اس سسٹم کو آن لائن کر دیا جائے گا، اسناد کی تصدیق گھر بیٹھے ہوگی، آئی بی سی دفاتر جانے اور کوریئر سے دستاویزات بھیجنے کی ضرورت

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر نور محمد دومڑ نے سنجاوی ہسپتال میں نئی ایمرجنسی اور لیبر روم کا افتتاح کر دیا

سنجاوی کے عوام کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، نور محمد

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ نے سنجاوی ہسپتال میں نیو ایمرجنسی اور لیبر روم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں متعلقہ محکموں کے افسران، معززین علاقہ اور عوام نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین